Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ

عوام کی بے ساختہ للکار

ABC Certified

روزنامہ

Daily Awami Lalkaar

راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 جمعۃ المبارک، 24 نومبر 2023ء، 9 جمادی الاول 1445ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 201

انتخابات کے انعقاد کیلئے تیار ہیں، الیکشن کمیشن

حتمی انتخابی فہرستوں کی ترسیل الیکشن پروگرام تک یقینی بنائی جائے گی، سیاسی جماعتوں کی مشاورت کے بعد ضابطہ اخلاق کی الیکشن کمیشن نے منظوری دے دی ہے

انتخابی آفیشلز کی بروقت ٹریننگ کو یقینی بنایا جائے گا' بیلٹ پیپرز کی طباعت کے لیے ضروری انتظامات مکمل کر لیے ہیں، الیکشن میٹریل کی خریداری بھی مکمل کر لی گئی، اعلامیہ

روسی فیڈریشن کی سبکدوش ہونے والی سفیر مسٹر ڈینیلا گانچ نے نومبر میں ایوان صدر میں صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے ملاقات کی

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن انتخابات کے انعقاد کے لیے تیار ہے۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی زیر صدارت عام انتخابات کی تیاریوں سے متعلق اجلاس ہوا۔ اجلاس میں بریفنگ دی گئی کہ ابتدائی حلقہ بندیوں پر تمام عذرداریوں پر الیکشن کمیشن نے سماعت مکمل کر لی ہے۔ الیکشن کمیشن کے فیصلوں کی روشنی میں حتمی حلقہ بندیوں کی فہرست (بقیہ نمبر 1)

وزیراعلیٰ کا میوہسپتال کا دورہ، زیرتعمیرایمرجنسی بلاک میں کاموں کا جائزہ

کنگ ایڈورڈ یونیورسٹی کا بھی دورہ، کلاس رومز، ہال، تھیٹر، راہداریوں کا تفصیلی معائنہ کیا

لاہور (این این آئی) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے میوہسپتال کا دورہ کر کے زیر تعمیر ایمرجنسی بلاک میں تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا۔ نگران وزیراعلیٰ پنجاب نے زیر تعمیر ایمرجنسی کے تمام بلاکس اور فلورز کا مشاہدہ کیا، محسن نقوی نے سی ٹی سکین ایریا کا معائنہ کیا اور تعمیراتی کاموں میں استعمال ہونے والے میٹریل کا بھی جائزہ لیا۔ محسن نقوی نے کنگ ایڈورڈ یونیورسٹی کا بھی دورہ کیا اور یونیورسٹی میں کلاس رومز، ہال، تھیٹر، راہداریوں کا تفصیلی (بقیہ نمبر 2)

پیپلز پارٹی بنیادی حقوق کا تحفظ کرے گی، بلاول بھٹو

میڈیا، وکلا، دانشور ہماری رہنما کرے، جبری گمشدگیوں اور مذہب کی جبری تبدیلی جیسے مسائل تکلیف دہ ہیں

لاہور (آئی آئی پی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹوزرداری نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی بنیادی حقوق کا تحفظ کرے گی، میڈیا، وکلا، دانشور ہماری رہنما کرے، جبری گمشدگیوں اور مذہب کی جبری تبدیلی جیسے مسائل (بقیہ نمبر 5)

ایک اور وعدہ پورا، داتا دربار پر 24 گھنٹے لنگر کا آغاز

محکمہ اوقاف اور مدینہ فاؤنڈیشن کے تعاون سے عقیدت مندوں کیلئے ہفتے کے سات دن، 24 گھنٹے لنگر کا انتظام کیا گیا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے 48 گھنٹے میں ایک اور وعدہ پورا کر دیا، داتا دربار پر 24 گھنٹے لنگر کا آغاز ہو گیا۔ عقیدت مندوں کو ہر وقت لنگر ملے گا۔ عقیدت مندوں کی سہولت کیلئے آئندہ سے (بقیہ نمبر 4)

آئی ٹی ایکسپورٹ میں اضافے کی حکمت عملی کا اعلان

آئندہ 3 برس میں آئی ٹی ایکسپورٹ کے حجم کو 10 ارب ڈالر تک بڑھایا جائے گا، ڈاکٹر عمر سیف

اسلام آباد (این این آئی) نگران وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن ڈاکٹر عمر سیف نے پاکستان کی آئی ٹی ایکسپورٹ میں اضافے کی حکمت عملی کا اعلان کر دیا جس کے تحت آئندہ 3 برس میں آئی ٹی ایکسپورٹ کے حجم (بقیہ نمبر 3)

سیاست کیلئے جھوٹ نہیں بولتا، نواز شریف

عوام کو سبز باغ دکھانے کے بجائے عملی خدمت پر یقین رکھتے ہیں، حقوق اللہ معاف ہوسکتے ہیں، حقوق العباد نہیں، ہم عوام کی خوشحالی کا خواب لے کر پھر آ رہے ہیں، نواز شریف کے خلاف کچھ نہیں ملا تو بیٹے سے تنخواہ نہ لینے پر نا اہل کر دو،

کس نے ملک کو اس حال پر پہنچایا، قصے کہانیاں تو آپ سن ہی رہے ہیں، یہ کردار تھے ان لوگوں کے، ہنستے بستے ملک کو ہم نے خود اجاڑا ہے، اپنے ہاتھوں سے اجاڑا ہے، ہم سبق نہیں سیکھتے

غلطیوں سے سیکھ کر مستقبل ٹھیک کریں، سابق وزیر اعظم' 4 سال میاں صاحب کو ملک سے دور رہنا پڑا، لللہ نے موقع دیا تو مری کی تقدیر بدل دیں گے، مریم نواز

مری (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف نے کہا ہے کہ سیاست کیلئے جھوٹ نہیں بولتا، عوام کو سبز باغ دکھانے کے بجائے عملی خدمت پر یقین رکھتے ہیں، حقوق اللہ معاف ہوسکتے ہیں، حقوق العباد نہیں، ہم عوام کی خوشحالی کا خواب لے کر پھر آ رہے ہیں، نواز شریف کے خلاف کچھ نہیں ملا تو بیٹے سے تنخواہ نہ لینے پر نا اہل کر دو، کس نے ملک کو اس حال پر پہنچایا، قصے کہانیاں تو آپ سن ہی رہے ہیں، یہ کردار تھے ان لوگوں (بقیہ نمبر 17)

نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ نیشنل ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے دورے کے دوران ٹیم کے ارکان اور افسران سے بات چیت کر رہے ہیں

گیس کا غیر قانونی استعمال، مزید 89 کنکشن منقطع

گیس چوری کے خلاف کریک ڈاؤن میں پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد میں مزید 89 گیس کنکشن منقطع

311 انڈر بلنگ کیسز اندراج/ پروسیس کئے گئی اور 50 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن کے تحت پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 89 گیس کنکشن منقطع کر دیے، 311 انڈر بلنگ کیسز اندراج / پروسیس کر دیے گئے ۔ جبکہ 50 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے ۔ سوئی ناردرن گیس نے لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 15 گھریلو (بقیہ نمبر 23)

یونیورسٹی آف تربت، بلوچستان کے شعبہ قانون کے طلباء اور فیکلٹی ممبران کا ایک گروپ پارلیمنٹ ہاؤس میں سینیٹ میوزیم کا دورہ کر رہا ہے

ٹیکس نیٹ کیلئے آئی ایم ایف تکنیکی وفد آئندہ ہفتے پاکستان آئیگا

تکنیکی وفد ایف بی آر کیساتھ تقریبا ایک ہفتہ ٹیکس پالیسی پر مذاکرات کرے گا

اسلام آباد (این این آئی) ٹیکس ریونیو اور ٹیکس نیٹ کیلئے آئی ایم ایف تکنیکی وفد آئندہ ہفتے پاکستان آئے گا، تکنیکی وفد ایف بی آر کیساتھ تقریبا ایک ہفتہ ٹیکس پالیسی پر مذاکرات کرے گا، ایف بی آر اور آئی ایم ایف تکنیکی وفد ٹیکس پالیسی میں ترامیم کیلئے اقدامات کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکس ریونیو اور ٹیکس نیٹ کیلئے آئی ایم ایف (بقیہ نمبر 6)

اے این ایف کی کارروائی، 44 کلو منشیات برآمد، آٹھ ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) اے این ایف نے منشیات اسمگلنگ کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 44 کلو منشیات برآمد کر کے 8 ملزمان گرفتار کر لئے۔ ترجمان کے مطابق شاہراہ فیصل کراچی میں واقع (بقیہ نمبر 7)

شہری جلد ڈرائیونگ لائسنس بنوالیں فیس بڑھنے والی ہے، وزیراعلیٰ

محسن نقوی نے واپڈا ٹاؤن میں پانچواں ماڈل پولیس خدمت مرکز کا افتتاح کر دیا' ایک دن میں سولہ ہزار لائسنس بنے ہیں

عوام کو چاہیے کہ جتنا ہو سکے ٹریفک قوانین کی پاسداری کریں، پوری پنجاب میں 437 پولیس اسٹیشن میں کام چل رہا ہے

لاہور (آئی آئی پی) وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے شہریوں کو مشورہ دیتے ہوئے کہا کہ جلد ڈرائیونگ لائسنس بنوالیں کیونکہ فیس بڑھنے والی ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے واپڈا ٹاؤن میں پانچواں ماڈل پولیس خدمت مرکز کا افتتاح کر دیا، خدمت مرکز پر لمبی لائنیں دیکھ کر وزیراعلیٰ نے کہا اچھی بات ہے لوگ لائسنس بنا رہی ہیں۔ ایک دن میں سولہ ہزار لائسنس بنے ہیں۔ (بقیہ نمبر 8)

منی لانڈرنگ کیس، مونس الٰہی کے بینک اکاؤنٹس اور جائیدادیں منجمد

ان کے مختلف بینک اکاؤنٹس منی لانڈرنگ کے لئے استعمال ہوئے ہیں' دستاویز

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے صدر وسابق وزیراعلیٰ پنجاب پرویز الٰہی کے صاحبزادے مونس الٰہی کے منی لانڈرنگ کیس میں (بقیہ نمبر 24)

بھارت عالمی دہشت گرد: نیٹ ورک امریکہ کینیڈا تک پھیلانا خطرناک ملک' مشعال

عالمی برادری سے بھارت پر سخت سفارتی، اقتصادی پابندیاں لگائی جائیں' معاون خصوصی برائے انسانی حقوق و ترقی نسواں

عالمی طاقتوں، اقوام متحدہ کے اداروں سے بھارت کو فوری طور پر دہشت گرد ریاست قرار دینے کا مطالبہ

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے انسانی حقوق و ترقی نسواں مشعال حسین ملک نے امریکی سرزمین پر سکھ علیحدگی پسندوں کو قتل کرنے کی سازش کو ناکام بنانے کے بعد ہندوستانی عالمی دہشت گرد نیٹ ورک کے تیزی سے پھیلنے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہندوستانی نسل کشی کرنے والے اور ڈیتھ اسکواڈ عالمی امن کے لیے خطرہ بن گئے ۔ مشعال، جو کشمیر کے انقلابی لبریشن لیڈر یاسین ملک کی اہلیہ بھی ہیں، نے زور دیا کہ عالمی برادری کو ہندوستانی اقلیتوں کے قتل عام اور نسل کشی کو (بقیہ نمبر 18)

لاہور آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پھر پہلے نمبر پر آ گیا

ایئر کوالٹی انڈیکس 500 سے تجاوز کر گئی' صوبائی دارالحکومت میں سموگ کا سلسلہ جاری

لاہور (آئی آئی پی) صوبائی دارالحکومت لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پھر پہلے نمبر پر آ گیا، جہاں ایئر کوالٹی انڈیکس 500 سے تجاوز کر (بقیہ نمبر 9)

کنگ ایڈورڈ یونیورسٹی کا بھی دورہ، کلاس رومز، ہال، تھیٹر، راہداریوں کا تفصیلی معائنہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) نگراں وزیر تجارت وصنعت ڈاکٹر گوہر اعجاز نے کہا ہے کہ پاک چین معاشی تعلقات کا فائدہ عوامی خوشحالی کی صورت میں ملے گا۔ نگراں وزیر تجارت گوہر اعجاز نے چین کے سفیر جیانگ ژیاڈونگ سے ملاقات کی جس میں پاک چین دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری پر تبادلہ خیال کیا گیا، دونوں ممالک کے درمیان (بقیہ نمبر 11)

پیپلز پارٹی کو نشانہ بنا کر عوامی سپورٹ نہیں مل سکتی'' شازیہ مری

الیکشن کمیشن کو یاد دلانا چاہتی ہوں کہ 8 فروری کو الیکشن کی تاریخ دی ہے

لاہور (آئی آئی پی) سابق وفاقی وزیر اور پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کی سیکرٹری اطلاعات شازیہ عطا مری نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کو نشانہ بنا کر عوامی سپورٹ نہیں مل سکتی ، پیپلز پارٹی ایک قومی جماعت ہے، الیکشن کمیشن کو یاد دلانا چاہتی ہوں کہ 8 (بقیہ نمبر 10)

نجی سکول کے طلباء نے احتجاج کے دوران شہید فلسطینی بچوں کی علامتی لاشیں اٹھا رکھی ہیں

سموگ اور فوگ سے بجلی کا ترسیلی نظام متاثر ہونے کا خدشہ

لاہور (این این آئی) لاہور ڈویژن میں سموگ اور فوگ سے بجلی کا ترسیلی نظام متاثر ہونے کا خدشہ پیدا ہو گیا۔ حکام کے مطابق لیسکو انتظامیہ نے سموگ اور فوگ سے سسٹم کو محفوظ رکھنے کے لیے اقدامات شروع کر دیئے ہیں، مختلف علاقوں (بقیہ نمبر 26)

میرے بیٹے کو تشدد کا نشانہ بنا کر اغواء کر لیا گیا' والدہ

ڈگری (رپورٹ محمد عاصم آرائیں) میرے بیٹے کو تشدد کا نشانہ بنا کر ساتھ لے گئے والد اور والدہ پریس کلب ڈگری پہنچ گئے تفصیل کے مطابق یگاؤں دریا خان کلوئی کے رہائشی محرم کلوئی انکی زوجہ حکیماں کلوئی اور بھائی عثمان کلوئی نے پریس کلب ڈگری پر احتجاج کرتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ انکا بیٹا سلیم. کلوئی جس کی عمر 25 سال ہے صبح دودھ (بقیہ نمبر 30)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سنٹرل پولی ای کمشنر مسٹر نیل پاکر کو سونیئر دے رہے ہیں

نوجوان سٹوڈنٹ جاں بحق

پتوکی (این این آئی) پتوکی ٹریفک حادثہ میں فرسٹ ائیر کلاس کا نوجوان سٹوڈنٹ جاں بحق ۔ تھانہ صدر پتوکی کے علاقہ نیشنل ہائی وے پر پنجاب کالج کے سامنے نوجوان فرسٹ ائیر کلاس کا سٹوڈنٹ شاہ (بقیہ نمبر 29)

پنجاب میں گندم کی بوائی کا ہدف 1 کروڑ 60 لاکھ ایکڑ مقرر

لاہور (این این آئی) پنجاب میں اس سال گندم کی بوائی کا ہدف 1 کروڑ 60 لاکھ ایکڑ مقرر کیا گیا ہے۔ اس حوالے سے محکمہ زراعت پنجاب کا کہنا ہے کہ گندم کی 2 کروڑ 56 لاکھ میٹرک ٹن پیداوار کا حصول ممکن ہو گا۔ محکمہ زراعت کے ترجمان (بقیہ نمبر 31)

ہماری جدوجہد کا محور آزاد فلسطین کا قیام ہے

ہم ظلم کے مقابلے میں مل کر لڑیں گے، امیر جماعت اسلامی سراج الحق

اسلام آباد (آئی آئی پی) امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق نے کہا ہے کہ ہماری جدوجہد کا محور آزاد فلسطین کا قیام ہے، ہم ظلم کے مقابلے میں مل کر (بقیہ نمبر 19)

سموگ' جمعہ کو تمام اسکولز، کالجز، یونیورسٹیز بند کرنے کی تجویز

کابینہ کمیٹی برائے انسداد اسموگ کے اجلاس میں اہم فیصلے متوقع ہے

لاہور (آئی آئی پی) پنجاب میں اسموگ کی صورتحال کے پیش نظر محکموں نے رواں جمعہ کو تمام اسکولز، کالجز، یونیورسٹیز بند کرنے کی تجویز دے دی۔ تفصیلات (بقیہ نمبر 20)

: امام کعبہ فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر صالح بن حمید سے چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان مولانا سید عبدالخبیر آزاد ملاقات کر رہے ہیں

ضلع تربت میں ٹارگٹڈ آپریشن' کالعدم تنظیم کے 4 دہشتگرد ہلاک

ہلاک دہشت گرد فورسز اور شہریوں پر حملوں میں ملوث تھے' سی ٹی ڈی

کوئٹہ (آئی آئی پی) ملک دشمن عناصر کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کارروائی جاری ہے، بلوچستان کے ضلع تربت میں ٹارگٹڈ آپریشن میں کالعدم تنظیم کے 4 دہشتگرد مارے گئے ۔ تفصیلات کے مطابق کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) نے بلوچستان کے ضلع تربت میں ٹارگٹڈ آپریشن کی، اس آپریشن کے دوران کالعدم تنظیم کے 4 (بقیہ نمبر 21)

بزنس فسیلیٹیشن سینٹر سے پنجاب میں سرمایہ کاری کا کلچر بدلے گا

وزیراعلیٰ پنجاب دسمبر کے پہلے ہفتے اس کا افتتاح کریں گے' ایس ایم تنویر

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت ایس ایم تنویر کی زیر صدارت ٹیوٹا سیکرٹریٹ میں اجلاس منعقد ہوا، جس میں بزنس فسیلیٹیشن سینٹر پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت ایس ایم تنویر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن کے ہیڈ آفس الفلاح بلڈنگ میں (بقیہ نمبر 22)

اقبالؒ کے نظریات کو بچوں میں راسخ کرنے کی ضرورت ہے

انہوں نے اپنی شاعری کے اسلوب میں وقت کے تقاضوں سے ہم آہنگ جدت پیدا کر کے فلسفہ خودی کا درس دیا

تعلیمی اداروں میں ایسی تقاریب کے انعقاد سے طلباء وطالبات میں اقبال فہمی کا جذبہ فروغ پاتا ہے' ڈپٹی کمشنر قرۃ العین

چکوال (خاور شہزاد) ڈپٹی کمشنر قرۃ العین ملک نے کہا ہے کہ مصور پاکستان شاعر مشرق حضرت علامہ اقبال نے برصغیر کے مسلمانوں کو غلامی کی دلدل سے نکالنے کیلئے اپنی شاعری کے ذریعے پیغام حریت دیا، انہوں نے اپنی شاعری کے اسلوب میں وقت کے تقاضوں سے ہم آہنگ جدت پیدا کر کے فلسفہ خودی کا درس دیا جس کو مدنظر رکھتے ہوئے طلباء وطالبات فکر اقبال کے ذریعے قومی ترقی (بقیہ نمبر 27)

وزیر اطلاعات وبلدیات پنجاب عامر میر لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی ورکشاپس کی ڈیجیٹلائزیشن اور فیسوں کی وصولی کے لئے موبائل ایپلیکیشن کا افتتاح کر رہے ہیں

فواد چوہدری کی عبوری ضمانت میں 4 دسمبر تک توسیع

اسلام آباد (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد نے سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری کی عبوری ضمانت میں 4 دسمبر تک توسیع کر دی۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد میں دفعہ 144 کی خلاف ورزی پر درج مقدمے کی سماعت (بقیہ نمبر 13)

راولپنڈی، مزید چار افراد ڈینگی کا شکار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران مزید چار افراد ڈینگی کا شکار ہو گئے۔ محکمہ صحت کے مطابق رواں سیزن کے دوران ڈینگی کیسز کی مجموعی تعداد دو ہزار چھ سو اڑتالیس تک (بقیہ نمبر 14)

تحریک انصاف کا بلے کا نشان برقرار

20 روز میں دوبارہ انٹراپارٹی الیکشن کرانے کا حکم' الیکشن کمیشن نے فیصلہ سنا دیا

اسلام آباد (آئی آئی پی) الیکشن کمیشن نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کا بلے کا نشان برقرار رکھتے ہوئے 20 روز میں دوبارہ انٹرا پارٹی الیکشن کرانے (بقیہ نمبر 15)

ایف ایف سی کا غیر معمولی جنرل میٹنگ کا انعقاد

فوجی فرٹیلائزر کمپنی (ایف ایف سی) نے 23 نومبر 2023 کو ایک غیر معمولی جنرل میٹنگ کا انعقاد کیا

سٹی بینک، ڈوئچے بینک، سٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک، کریسنٹ ٹیکسٹائل ملز، اٹلس اور دیگر کارپوریٹ باڈیز اور اداروں کے نمائندوں نے بھی شرکت کی

EXTRAORDINARY GENERAL MEETING
NOVEMBER 23, 2023

فوجی فرٹیلائزر کمپنی (ایف ایف سی) کی جنرل میٹنگ منعقد ہوئی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) فوجی فرٹیلائزر کمپنی (ایف ایف سی) نے 23 نومبر 2023 کو ایک غیر معمولی جنرل میٹنگ کا انعقاد کیا جس میں ویڈیو کانفرنسنگ، جسمانی نمائندگی کے ساتھ 48.28 فیصد کا کورم قائم کیا گیا جس میں انفرادی شیئر ہولڈرز کے ساتھ ساتھ تمام بڑے ایکویٹی ہولڈرز، حکومت پاکستان، فوجی فاؤنڈیشن کے نمائندے بھی شامل تھے ۔ سٹی بینک، ڈوئچے بینک، سٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک، کریسنٹ ٹیکسٹائل ملز، اٹلس اور دیگر کارپوریٹ باڈیز اور اداروں کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ کمپنی سیکرٹری FFC، بریگیڈیئر عرفان خان (ریٹائرڈ) (بقیہ نمبر 16)

سوئی ناردرن گیس
Sui Northern Gas
/SNGPLofficial

سردیوں میں گیس کا حصول ہوا ممکن

ٹینشن فری رکھنی ہے زندگی تو دیر کس بات کی

گیس سے محروم اور کم پریشر والے علاقوں کے لئے سہولت اور آسانی

آج ہی خریدیں محفوظ اور معیاری LPG سلنڈرز*

تحفظ FIRST
بین الاقوامی معیار کے حامل محفوظ سلنڈرز

گیس آن ویلز
سلنڈر کی فری ڈیلیوری صرف ایک کال پر**

پہلے آئیے پہلے پائیے کی بنیاد پر بکنگ جاری ہے

اوگرا کے متعین کردہ نرخوں پر دستیاب

بلیک مارکیٹ سے نجات

مکمل مقدار

آرڈر کرنے کیلئے

ہیلپ لائن 1210 پر کال کریں (صبح 8 سے رات 12 بجے تک) | موبائل ایپ ConnectOnLPG ڈاؤن لوڈ کریں***

ویب سائٹ sngpl.com.pk وزٹ کریں

PID (L) 1666-D

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ریاض میں برکس اجلاس

ناجائز صہیونی ریاست کی دہشت گردی کی وجہ سے غزہ میں شہدا کی تعداد 14 ہزار سے تجاوز کرچکی ہے جن میں 5840 بچے اور 3920 خواتین بھی شامل ہیں جبکہ 33 ہزار سے زائد زخمی ہوئے ہیں۔ غاصب اسرائیلی فوج کی تازہ کارروائی سے غزہ کے علاقے نصیرات کیمپ میں گھر پر بمباری کے نتیجے میں حماس کے رہنما اسماعیل ہانیہ کے پوتے سمیت 21 افراد شہید ہوگئے۔ جنگ بندی کے سلسلے میں جو مذاکرات مختلف سطحوں پر جاری ہیں ان کے بارے میں اسماعیل ہانیہ نے کہا ہے کہ ہم نے اپنا موقف قطری بھائیوں اور ثالثوں کو پہنچا دیا ہے، اسرائیل کے ساتھ جنگ بندی معاہدے تک پہنچنے کے قریب ہیں۔ مجوزہ معاہدے کے تحت 300 فلسطینیوں کو اسرائیلی جیلوں سے رہا کیا جائے گا جن میں بچے اور خواتین بھی شامل ہیں۔ ترجمان وائٹ ہاوس جان کربی کا کہنا ہے کہ حماس اور اسرائیل کے مذاکرات آخری مرحلے میں ہیں۔ معاہدے کے لیے پرامید ہیں۔ ادھر، سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض میں ہونے والے برکس اجلاس کے دوران چینی صدر شی جن پنگ نے کہا ہے کہ غزہ تنازعے میں شریک دونوں فریق تنازع کا حل بات چیت سے کریں۔ غزہ میں ہنگامی بنیادوں پر جنگ بندی کی جائے۔ اس موقع پر روسی صدر پیوٹن نے کہا کہ فلسطین اسرائیل تنازع جنگ سے نہیں بلکہ بات چیت سے حل کیا جائے۔ تنازعے کو حل کرنے میں سیاسی کردار ادا کرنے کو تیار ہیں۔ تنازعے کا دو ریاستی حل کے سوا کوئی آپشن نہیں۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان نے کہا کہ غزہ میں فوری جنگ بندی اور سنجیدہ امن مذاکرات پر عمل درآمد کیا جائے۔ اسرائیل کی جانب سے بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزیاں انتہا پسندی بڑھا رہی ہیں، دو ریاستی حل کے سوا کوئی آپشن قابل قبول نہیں۔ عالمی قیادت کو محض رسمی قراردادوں پر اکتفا نہیں کرنا چاہیے۔ اسرائیل کے ہاتھوں انسانی قتل عام کی اب کوئی انتہا نہیں رہی، لہٰذا اس سلسلے کو فوری طور پر روکنے کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جانے چاہئیں۔

اوورلوڈنگ کے خلاف قانون یا کاروبار؟

تحریر۔رحمت خان وردگ

مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ ہمیشہ سے بھارت میں اوورلوڈنگ پر اس قدر سخت ممانعت ہے ۔ ہر مال بردار گاڑی کے دروازے پر خالی گاڑی کا وزن، وزن لے جانے کی قانونی اجازت اور مکمل وزن لکھا ہوتا ہے۔ ہر شہر کے خارجی و داخلی راستوں پر وزن کے کانٹے نصب کرکے ہر کمرشل گاڑی کا وزن کیا جاتا ہے اور جس گاڑی میں زیادہ وزن پایا جائے تو اس گاڑی سے اضافی وزن اتار کر بھاری جرمانہ کیا جاتا ہے اور زیادہ وزن لوڈ کرنے والے کو طلب کر کے سخت کارروائی اور جرمانے کیے جاتے ہیں تا کہ کمرشل گاڑیاں لوڈ کرنے والی انڈسٹریز، ٹرمینلز وغیرہ گاڑی میں اضافی وزن لوڈ ہی نہیں کریں تا کہ وہ انڈسٹری اور ٹرمینلز بھاری سرکاری جرمانوں اور قانونی کارروائی سے محفوظ رہ سکیں۔ چند سال قبل تک بھارت پاکستان سے سیمنٹ خریدتا تھا کیونکہ بھارت کو سب سے سستا سیمنٹ پاکستان سے ہی ملتا تھا لیکن ہماری مال بردار گاڑیاں ڈبل وزن لے جاتی تھیں جس سے بھارت کی سڑکوں اور پلوں کی تعمیر پر بھاری رقوم خرچ ہوئیں تو انھوں نے پاکستان سے سستا ترین پڑنے والا سیمنٹ خریدنا ترک کردیا اور اوور لوڈنگ کی اجازت نہیں دی۔ اب یہی پاکستانی سیمنٹ پہلے دبئی جارہا ہے اور وہاں سے بھارت خرید کرلے جارہا ہے۔

پاکستان میں نیشنل ہائی وے اینڈ موٹرویز کا قانون کب بنا تھا؟ اس پر فوری عمل درآمد شروع کیوں نہیں کرایا گیا؟ حالانکہ اس وقت اتنی مہنگائی نہیں تھی اور اوورلوڈنگ پر پابندی کرائی جاسکتی تھی لیکن کئی دہائیوں بعد اب ایسے وقت میں اوورلوڈنگ پر پابندی کی کوشش سے نگراں حکومتوں کے لیے مسائل بڑھیں گے کیونکہ لوگ پہلے ہی مہنگائی اور بے روزگاری سے تنگ ہیں اور ایسے وقت میں اوورلوڈنگ پر پابندی کرنے سے مہنگائی میں مزید اضافہ ہوگا جس سے مسائل بڑھیں گے ۔ اس وقت جو ٹریلر 60 ٹن وزن لے جانے کا جو کرایہ وصول کرتا ہے اوورلوڈنگ پر پابندی کے بعد وہی کرایہ 36 ٹن وزن لے جانے کا چارج کیا جائے گا۔ کاروباری افراد اور صنعت کار اس اضافے کا بوجھ براہ راست عوام کو منتقل کریں گے جس سے مہنگائی میں اضافہ ہوگا۔

اوورلوڈنگ پر پابندی ہونی چاہیے لیکن اس پر سختی سے عمل درآمد کا یہ وقت مناسب نہیں۔ اب نگراں صوبائی اور وفاقی حکومتیں ٹرانسپورٹرز، کیرج کنٹریکٹرز، کاروباری افراد اور صنعت کاروں کو بلاکر بات چیت کے ذریعے ایسا فارمولا نکالیں جس سے اوور لوڈنگ کا خاتمہ ممکن ہوسکے۔ بہتر تو یہی ہوگا کہ گڈز اور آئل ٹینکرز کی 22 وہیلر گاڑیوں کو گاڑی سمیت ٹوٹل 75 ٹن وزن، 18 وہیلر کی گڈز اور آئل ٹینکرز گاڑیوں کو گاڑی سمیت 65 ٹن جبکہ 10 وہیلر گڈز اور آئل ٹینکرز گاڑیوں کو گاڑی سمیت 45 ٹن میں پاس کیا جائے اور اس پر معاہدہ کر کے سخت ترین عمل درآمد کا آغاز کیا جائے۔ بے شک معاہدہ 5 سال کے لیے ہو۔ اس کے بعد دوبارہ میٹنگ کر کے تمام اسٹیک ہولڈرز کو بلا کر پالیسی میں ترمیم کی جاسکتی ہے۔ تمام اسٹیک ہولڈرز کے اتفاق رائے سے بننے والی پالیسی پر ہر صورت میں سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنایا جانا چاہیے ، پھر کسی بھی صورت میں اس میں کسی کو کوئی رعایت نہیں ملنی چاہیے اور اوورلوڈ گاڑی کو کسی بھی صورت سفر کرنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے اور اضافی وزن کو ضبط کرکے گاڑی مالک اور مال کے مالک دونوں پر جرمانہ ہو۔

معاہدے پر عمل درآمد کے بعد اضافی لوڈ پر سفر جاری رکھنا ناممکن ہو۔ اس وقت تو نیشنل ہائی وے اتھارٹی نے اوورلوڈنگ پر پابندی کو روکنا مقصد نہیں بنایا بلکہ اسے کاروبار بنایا ہوا ہے ۔ موٹروے پر ہر کانٹے پر اوور لوڈ گاڑی سے 5000 روپے جرمانہ لے کر اسے اسی لوڈ کے ساتھ سفر جاری رکھنے کی اجازت ہے، یعنی گاڑی کراچی سے پشاور تک 50 ہزار روپے کاٹا جرمانہ ادا کرتے ہوئے اضافی وزن کے ساتھ اپنی منزل تک جاسکتی ہے ۔ یہ کیا طریقہ ہے؟ یہ تو صرف کاروبار ہے ۔ دنیا میں کہیں بھی اس طرح نہیں ہوتا۔ اضافی وزن کے ساتھ سفر جاری رکھنے کی اجازت کیسے دی جارہی ہے؟ اسی لیے پاکستان میں کسی قانون پر بھی عمل درآمد نہیں ہوتا بلکہ ہر قانون کو کمائی کا ذریعہ بنالیا جاتا ہے ۔ گاڑیوں نے 5000 روپے جرمانہ دینا اپنا معمول بنالیا تو کیا نیشنل ہائی وے اور موٹروے پولیس انھیں جرمانہ وصول کرکے کراچی تا پشاور سفر کرنے کی اجازت دیتی رہے گی؟

دنیا بھر میں نیشنل ہائی وے کے قوانین پر سختی سے عمل درآمد ہوتا ہے اور کوئی اوورلوڈنگ کے متعلق سوچ بھی نہیں سکتا کیونکہ وہاں پالیسیاں صرف اور صرف قومی مفاد میں بنائی جاتی ہیں اور قومی دوسلت خرچ کر کے بننے والی سڑکوں اور پلوں کی حفاظت اور حادثات میں کمی کے لیے سختی سے موٹروے اور ہائی وے قوانین پر عمل درآمد ہر صورت یقینی بنایا جاتا ہے لیکن بدقسمتی سے ہمارے ملک میں انڈسٹری مالکان اور صنعت کار اسمبلیوں میں اور وزارتوں پر براجمان ہیں جو ہمیشہ اپنے ذاتی مفادات کے لیے ہی پالیسیاں تشکیل دیتے ہیں۔ انڈسٹری مالکان کی تو ہمیشہ کوشش رہتی ہے کہ ان کے منافع میں زیادہ سے زیادہ اضافہ ہوسکے ۔ نیشنل ہائی وے آرڈیننس 2000 کے تحت اوور لوڈنگ پر مکمل پابندی کا قانون رائج ہے اور قانون کے مطابق فی ایکسل وزن طے کردیا گیا ہے جس پر عمل درآمد کر کے سڑکوں اور پلوں کی حفاظت اور حادثات میں کمی لائی جاسکتی ہے لیکن صنعت کار کم کرائے میں زیادہ وزن کی ٹرانسپورٹیشن کراتے ہیں جس سے سڑکوں اور پلوں کی ٹوٹ پھوٹ پر سالانہ کھربوں روپے کا قومی نقصان ہوتا ہے۔

پاکستان میں بھی نیشنل ہائی وے آرڈیننس 2000 کے تحت وزن کی فی ایکسل قانون کے مطابق مکمل پابندی کے لیے نیشنل ہائی وے اینڈ موٹروے پولیس بھرپور کوششیں کررہی ہے اور تمام موٹرویز اور ہائی ویز پر وزن کے کانٹے نصب کر کے آپریشنل کردیے گئے تھے لیکن کچھ عرصے بعد اوور لوڈنگ پر سختی ختم کردی گئی۔ صنعتکار کم وزن پر عمل درآمد میں اسی وجہ سے رکاوٹ ہیں کہ انھیں کرایوں میں معنی خیز اضافہ کرنا پڑے گا۔ مہنگائی اور حکومتی پالیسیوں کے باعث 24 کروڑ عوام معاشی طور پر شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ حکومت کی جانب سے انتہائی کنفیوز ماحول پیدا کر کے ٹرانسپورٹرز کو تباہ و برباد کردیا گیا ہے۔

نگران وزیراعظم فوری طور پر اپنی صدارت میں یا نگران وفاقی وزیر مواصلات کی صدارت میں اوگرا قوانین اور نیشنل ہائی وے آرڈیننس 2000 پر عمل درآمد کے ایجنڈے پر اجلاس طلب کریں جس میں انڈسٹری مالکان، اوگرا، نیشنل ہائی وے اتھارٹی، موٹروے پولیس، گڈز ٹرانسپورٹرز کے نمائندے، آئل ٹینکرز کے نمائندے اور متعلقہ شعبے سے وابستہ چیدہ شخصیات کو مدعو کر کے اتفاق رائے سے معاملہ فوری طور پر حل کر کے نوٹیفیکیشن جاری کریں۔ اوور لوڈنگ سے قومی شاہراہوں کا نقصان ہوتا ہے۔ جن کی مرمت پر سالانہ کھربوں روپے خرچ ہوتے ہیں اور سنگین حادثات معمول کا حصہ ہیں۔ کنفیوژ پالیسی اور جرمانہ لے کر اوور لوڈ گاڑی کو سفر کی اجازت دیے جانے سے قانون کو مذاق بنادیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں فوری قابل عمل متفقہ پالیسی کا اعلان کیا جائے تاکہ عام آدمی پر بوجھ بھی نہ پڑے اور صنعت کار، ٹرانسپورٹرز اور آئل ٹینکرز مالکان و کاروباری افراد بھی اتفاق رائے سے عمل درآمد پر راضی ہوں۔

قدرت کا نظام

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

بڑی سی سفید چادر میں لپٹی خوبرو خوش شکل عورت جس کی عمر پچاس سال کے قریب ہوگی میرے سامنے آ کر بیٹھ گئی اس کی سفید دودھیا مخروطی انگلیوں میں سچے موتیوں کی تسبیح گردش کررہی تھی آنکھوں اور چہرے پر ذکر اذکار نیکی کا اجالا پھیلا ہوا تھا اس کے نقش و نگار جسمانی ساخت سرخ و سفید رنگت سے لگ رہا تھا کہ جوانی میں وہ غضب کی خوش شکل عورت ہوگی اس کا چونکا دینے والا حسن کسی کو بھی اس کے حسن کا قیدی بنا دیتا ہوگا اس نے بولنا شروع کیا تو لگا ساعتوں کو شہد کی سوغات بانٹ رہی ہے بہت کم لوگ ایسے ہوتے ہیں جن پر قدرت بہت مہربان ہو تی ہے جو جسمانی خوبصورتی کے ساتھ آواز گفتگو کی خوبصورتی سے بھی مالا مال ہوتے ہیں اس کی آواز الفاظ کا چنا انداز گفتگو لہجے کا دھیما اور شیریں پن مخاطب کو متاثر کردیتا تھا اِس وقت میں بھی اس کے متاثرین میں شامل تھا اس کی بڑی چادر ہاتھوں میں سچے موتیوں کی مالا آواز کا سریلا پن انداز گفتگو دیکھنے والے کو خوشگوار تاثر سے دوچار کردیتا ہوگا اِس وقت میں بھی خوشگوار ہلکوروں میں جھول رہا تھا خوبصورت نقش و نگار دلکش خدوخال سے آواز کا سریلا پن اور مہذب گفتگو کے ساتھ اگر مذہب کا تڑکا لگ جائے تو سامنے والا خوشگوار تاثر میں گھرتا چلا جاتا ہے میں بھی شاید اِس وقت ایسی ہی حلاوت انگیز کیفیت کا شکار تھا اس کا سراپا گفتگو اور آواز دوسرے کو ادب کرنے پر مجبور کردیتی تھی میں بھی اسے احترام بھری نظروں سے دیکھ رہا تھا اب میں پہلی بار بولا جناب میں آپ کی کیا خدمت کرسکتا ہوں آپ کو دنیا کا کونسا مسئلہ یا پریشانی گھیر کر میرے پاس لے آئی ہے تو وہ دل آویز لہجے میں بولی مجھے دنیا کا کوئی مسئلہ پریشانی نہیں ہے میں ہر حال میں خوش رہنے والی بندی ہوں خدا کی دی ہوئی تمام آسائشیں نعمتیں بے شمار میرے پاس موجود ہیں دنیا کی کونسی نعمت آرام لگژری ہے جو میرے پاس نہیں ہے میں تجسس بھری نظروں سے اس کی طرف دیکھ رہا تھا کہ یہ کس سیارے سے آئی ہے جو اتنی مطمئن خوش ہے جسے کوئی پریشانی مسئلہ نہیں ہے یہاں پر تو جو بھی میرے پاس آتا ہے مسئلوں پریشانیوں مشکلات کی گٹھڑی باندھے آکر میرے سامنے کھول دیتا ہے مہینوں بعد کوئی شخص آتا ہے جو خدا کی دی ہوئی موجود نعمتوں کا اقرار کرتا ہے کہ میرے پاس اللہ کا دیا ہوا سب کچھ ہے مجھے دنیاوی کسی بھی قسم کی ضرورت نہیں ہے مادیت پرستی میں غرق انسان کو کانٹا بھی چبھ جائے تو وہ چیخ و پکار شروع کر دیتا ہے موجودہ دور کے انسان کا پیٹ حرص کی مٹی سے بنا ہے جو دوزخ کی طرح بھرتا ہی نہیں یہ کس جہاں سے آگئی تھی جو کہہ رہی تھی مجھے دنیاوی کوئی کام نہیں اور نہ مجھے کوئی کمی ہے میں نے حیران سوالیہ نظروں سے اس کی طرف دیکھا اور بولا اگر آپ کو کوئی مسئلہ یا پریشانی نہیں ہے تو میرے پاس آنے کی وجہ آپ بتا سکتی ہیں تو وہ گریس فل لہجے میں بولی مجھے واقعی دنیاوی کوئی کام نہیں ہے میرے پاس سارے جہاں کی نعمتیں ہیں لیکن میرا باطنی اضطراب خلش تشنگی ادھورا پن بے چینی بے قراری الجھن پریشانی ختم نہیں ہورہی عجیب سی خلش اور تشنگی ہے جو ہر گزرتے لمحے کے ساتھ بڑھتی جارہی ہے پچھلے پانچ سال سے میں گناہوں سے تائب ہو چکی ہوں پانچ وقت کی نمازی روزہ وزکوۃ عمرہ حج کرچکی ہوں بابوں درباروں نفسیاتی ڈاکٹروں کے پاس جاچکی ہوں لیکن میرا باطنی اضطراب بڑھتا ہی جارہا ہے دن رات عبادات ذکر اذکار میں خود کو مصروف رکھتی ہوں لیکن جو حقیقی سکون اطمینان آسودگی ہے اس سے کوسوں دور ہوں یتیم خانوں ہسپتالوں خیراتی اداروں بیواں یتیموں کو بڑی رقوم بھی دیتی ہوں پھر بھی سکون نہیں ہے اس کی گفتگو میری حیرت کے پیمانے کو بڑھا رہی تھی میں نے تجسس آمیز لہجے سے کہا آپ جوانی میں کیا کام کرتی رہی ہیں جو آخری زندگی میں سکون کی بجائے اضطراب کا شکار ہیں اس نے حیران نظروں سے میری طرف دیکھا اور بولی کیا میرا ماضی میرے اضطراب اور بے قراری کی وجہ ہے میں نے ہاں میں سر ہلایا تو وہ بولی میں آپ کو اپنا ہم راز بناتی ہوں شاید آپ میری پریشانی حل کرسکیں سر میرا تعلق ملتان شہر سے ہے کئی سال پہلے میں نے میٹرک کا امتحان پاس کیا تو میرا داخلہ نرسنگ میں لاہور ہوگیا خدا نے مجھے بے پناہ حسن کی دولت سے نوازا تھا حسن کے ساتھ میں ذہانت چالاکی کی دولت سے بھی مالا مال تھی نرسنگ ہوسٹل میں اپنے بے پناہ حسن اور ذہانت کے بل بوتے پر میں ہاسٹل سپرنٹنڈنٹ کے قریب ہوگئی گھر سے فاقوں میں پلی تھی اِس لیے لاہور کی چکا چوند سے خوب متاثر ہوگئی ہاسٹل میں کچھ لڑکیاں بااثر افسران کے بیڈ روموں میں پہنچائی جاتی تھیں اِس کے بدلے میں پیسہ اور تعلقات بھی بنتے میں بھی اِس راستے پر چل نکلی نرس بنی تو اپنے تعلقات کے بل بوتے پر فوری نوکری اور لاہور کے ہسپتال میں جاب مل گئی۔ میں غربت کی چکی میں پسی ہوئی آئی تھی دولت کمانے کی لت میں اِس طرح گری کہ پھر نہ اٹھ سکی اب میں نے وارڈوں میں امیر لوگوں سے تعلقات بنائے پھر ان سے پیسے کمائے اِسی دوران ایک سینئر نرس نے نیا طریقہ بتایا کہ اگر تم زیادہ پیسے کمانا چاہتی ہو تو بوڑھے امیر مریض گاہک پھنسالو ان کو اپنی مسیحائی اور عشق میں غرق کرو پھر اپنے روم میں بلا کر بیڈروم پر ان کی ریکارڈنگ کرو پھر اس ریکارڈنگ سے اس کو بلیک میل کرو کہ اتنے لاکھ روپے دو ورنہ تمہارے گھر والوں کو دکھا دوں گی بوڑھے امیر دولت مند اپنی عزت بچانے کے لیے میری منہ مانگی قیمت ادا کرتے میں زیادہ ڈرپوک بابوں کو بعد میں بھی بلیک میل کرتی اس طرح اب میں زیادہ دولت کمانا شروع ہوگئی چند سالوں میں ہی میں نے گھر کار دولت اکٹھی کرلی اپنی چالاکی اور خوبصورتی کی وجہ سے میں ڈیوٹی وی آئی پی وارڈز میں لگواتی دولت مند مریضوں کو اپنے حسن کے جال میں پھنسا کر بلیک میل کرکے دولت حاصل کرتی اس دوران میں نے دو دولت مند بابوں سے شادی بھی کی ایک تو فطری موت مرا دوسرے کو میں نے تڑپا تڑپا کر مار دیا میری دیدہ دلیری کا عالم یہ تھا کہ شادی میں نے بوڑھے سے کی لیکن ناجائز تعلق انتہائی خوبصورت آدمی سے تھا تا کہ میری اولاد خوبصورت ہو اِسی طرح میں نے ایک ناجائز بیٹی کو جنم دیا ماہ وسال گزرتے چلے گئے میں اپنے حسن کے تیروں سے لوگوں کو گھائل کرتی رہی میں نے بے شمار لوگوں کو لوٹا کہ مجھے تعداد تک نہیں یاد میں اپنے حسن اور چالاکی کو ہی اپنا سب سے بڑا ہتھیار سمجھتی تھی آج تک میں نے جو بھی چاہا ویسے ہی کیا تعلقات کی بنا پر میرے محکمے اور دوسرے محکموں کے اعلی افسروں کے ساتھ تعلقات تھے جس کی وجہ سے میرا ہر کام چٹکیوں میں ہو جاتا میں خوبصورتی اور چالاکی کے نشے میں دھت دوڑی چلی جارہی تھی کہ پتہ ہی نہ چلا میں بڑھاپے میں داخل ہونا شروع ہوگئی اور بیٹی پر جوانی کا نکھار آتا چلا گیا بیٹی کا چڑھتا لشکارا حسن دیکھ کر میں خوش تھی کہ میری جوانی کا سورج غروب ہونے سے پہلے بیٹی کا سورج طلوع ہورہا تھا اب میں نے بیٹی کو اپنی طرح نرس بنوایا اور اپنی لائن پر چلانے کی ترغیب دی لیکن بیٹی نے صاف انکار کردیا بیٹی کا انکار بڑھتا چلا گیا میں نے بہت زور لگایا تو میرے ڈرائیور کے ساتھ بھاگ گئی ڈرائیور کالا کلوٹا کمی کمین تھا میری بیٹی چاند کا ٹکڑا میں نے بیٹی کو بہت تلاش کیا لیکن وہ نہ ملی دو سال بعد اس نے تصویر بھیجی وہ دو کالے کلوٹے بچوں کی ماں اور خود پھول کر کپا بن چکی تھی ساتھ اس نے لکھا اماں تم ہار گئی میں نے تمہاری ضد میں اس کالے سے شادی کی اب تم ساری عمر تڑپو میں تمہارے پاس نہیں آں گی سر میں نے پہلی بار شکست کھائی میری بیٹی نے مجھے توڑ دیا ہرا دیا میں ساری عمر لوگوں کو شکار کر تی رہی قدرت نے مجھے میری بیٹی کے ہاتھوں شکار کر دیا میں نے توبہ کی اپنے گناہوں کی معافی مانگی دربدر بھٹکی لیکن مجھے کبھی سکون نہ ملا اِسی سکون کی تلاش میں آپ تک آئی ہوں میں نے کہا جا اپنی دولت سے خدمت خلق کرو خدا تمہارے گناہوں کو معاف کرکے تمہیں حقیقی دائمی سکون عطا کرے جو لوگوں کو شکار کرتا ہے قدرت اس کا شکار کرلیتی ہے۔

شوبز SHOWBIZ

ہمایوں سعید پاکستان سینماؤں میں بھارتی فلموں کی نمائش کے خواہاں

نجی ٹی وی شو میں شرکت کی جہاں انہوں نے مختلف موضوعات پر کھل کر اظہار خیال کیا

لاہور (این این آئی) پاکستانی فلم و ڈرامہ انڈسٹری کے نامور اداکار ہمایوں سعید نے پاکستانی سینماؤں میں بھارتی فلموں کی نمائش کی حمایت کردی۔ حال ہی میں اداکارہ ہمایوں سعید نے نجی ٹی وی شو میں شرکت کی جہاں انہوں نے مختلف موضوعات پر کھل کر اظہار خیال کیا۔ بھارتی فلموں کی پاکستان میں نمائش سے متعلق سوال پر ہمایوں کا کہنا تھا کہ پاکستانی سینماؤں میں بھارتی فلمیں لگنی چاہئیں، میں کبھی اس کے خلاف نہیں رہا، بھارتی فلم انڈسٹری ایک ہفتے میں دو سے تین فلمیں ریلیز کرتی ہے جبکہ پاکستان میں فلمیں کم بن رہی ہیں۔ ہمایوں سعید نے کہا کہ صرف بالی ووڈ نہیں بلکہ ہالی ووڈ اور ترکش فلمیں بھی پاکستانی سینماؤں میں لگنی چاہئیں تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ سینماؤں کا رخ کرتے رہیں۔

اداکارہ عائشہ خان کی بیٹی کی سالگرہ توجہ کا مرکز بن گئی

بیٹی کی سالگرہ کے لیے مشہورِ زمانہ کارٹون فلم ’مرمیڈ‘ کی تھیم کا انتخاب کیا

اکستان شوبز انڈسٹری کی سابقہ اداکارہ عائشہ خان کی بیٹی ماہ نور کی سالگرہ کی تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئیں۔ شوبز انڈسٹری کو خیرباد کہہ کر اپنی ازدواجی زندگی میں مصروف رہنے والی ماضی کی مقبول ترین پاکستانی اداکارہ عائشہ خان نے حال ہی میں اپنی بیٹی ماہ نور کی چوتھی سالگرہ منائی۔ اُنہوں نے اپنی بیٹی کی سالگرہ کے لیے مشہورِ زمانہ کارٹون فلم ’مرمیڈ‘ کی تھیم کا انتخاب کیا اور اسی تھیم کی مناسبت سے سالگرہ کا کیک تیار کروایا۔

امت مسلمہ سورۃ البقرہ ترجمے کے ساتھ پڑھیں‘ اشنا شاہ

میں سورۃ البقرہ کو ترجمے کے ساتھ پڑھا ہے اور میرے رونگٹے کھڑے ہوگئے ہیں

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ اُشنا شاہ نے اُمتِ مسلمہ اور غیر مسلم پر زور دیا ہے کہ وہ سورۃ البقرہ ترجمے کے ساتھ پڑھیں۔ اُشنا شاہ نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (سابق ٹوئٹر) پر اُمتِ مسلمہ اور غیر مسلم کے لیے خصوصی پوسٹ کی جس میں اُنہوں نے کہا کہ میری ملسمانوں اور غیر مسلم سے گزارش ہے کہ آپ قرآن پاک کی سورۃ البقرہ کو ترجمے کے ساتھ پڑھیں۔ اُنہوں نے کہا کہ دُنیا میں آج جو کچھ بھی ہورہا ہے، اللہ نے مسلمانوں کو قرآن پاک کی سورۃ البقرہ میں پہلے ہی بتا دیا تھا۔ اداکارہ نے مزید کہا کہ میں نے سورۃ البقرہ کو ترجمے کے ساتھ پڑھا ہے اور میرے رونگٹے کھڑے ہوگئے ہیں واضح رہے کہ اُشنا شاہ غزہ میں نہتے فلسطینیوں پر جاری اسرائیلی درندگی اور نسل کشی کے خلاف مسلسل آواز اُٹھاتی نظر آرہی ہیں، وہ اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کا استعمال کرتے ہوئے بے گناہ اور معصوم فلسطینیوں کی آواز بنی ہوئی ہیں۔ اداکارہ اپنی سوشل میڈیا پوسٹس کے ذریعے صارفین میں شعور پیدا کررہی ہیں اور اسرائیل کی منافقت اور جہالت کو پوری دنیا کے سامنے بے نقاب کررہی ہیں۔ دوسری جانب غزہ پر جاری اسرائیلی بمباری میں شہید ہونے والے فلسطینیوں کی تعداد 14 ہزار سے زائد ہوگئی ہے۔

ندا یاسر نے فیشن ڈیزائننگ میں ڈپلومہ کرلیا

انہوں نے آٹھ ہفتوں پر مشتمل فیشن کا بنیادی کورس کیا ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان کی معروف مارننگ شو میزبان ندا یاسر نے فیشن ڈیزائننگ میں ڈپلومہ کرلیا۔ سوشل میڈیا پر سامنے آنے والی ویڈیو میں انہیں اپنا ڈپلومہ سرٹیفکیٹ وصول کرتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے جس کے مطابق انہوں نے آٹھ ہفتوں پر مشتمل فیشن کا بنیادی کورس کیا ہے جس کا دورانیہ ستمبر 2023 سے نومبر 2023 تک تھا۔ اس سے قبل ندا یاسر نے انکشاف کیا تھا کہ وہ کراچی میں قائم انڈس ویلی اسکول آف آرٹ اینڈ آرکیٹیکچر سے فیشن ڈیزائننگ سیکھ رہی ہیں۔ ندا یاسر نے حال میں اپنا خواتین کے ملبوسات کا برانڈ بھی لانچ کیا ہے۔

میری بیٹی کی پیدائش نابینا تھی‘ نادیہ جمیل

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ وسماجی کارکن نادیہ جمیل نے انکشاف کیا ہے کہ اُن کی بیٹی نوری پیدائشی طور پر نابینا تھی۔ نادیہ جمیل نے اداکار و میزبان عمران اشرف کے پروگرام مزاق رات میں اپنی بیٹی نوری کے ہمراہ شرکت کی جہاں اُنہوں نے بیٹی کی بینائی سے متعلق گفتگو کی۔ اس پروگرام کا ایک ویڈیو کلپ سوشل میڈیا پر وائرل ہورہا ہے، جس میں نادیہ جمیل نے کہا کہ 30 سال قبل میں نے یتیم بچوں سے ملنا شروع کیا، میری کوئی اولاد نہیں تھی لیکن میں نے کسی لالچ کے تحت یتیم خانوں میں کام شروع نہیں کیا تھا۔

شاہ رخ خان نے اپنی فلموں سے مداحوں کے دل جیت لیے

فلم ”ڈنکی“ بھی فلم بینوں کو متاثر کرنے کو تیار ہے، جو 22 دسمبر کو ریلیز کی جائیگی



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے بادشاہ شاہ رخ خان کو مداح نے ٹام کروز کی طرح بائیک اسٹنٹ کرنے کا کہہ دیا۔ شاہ رخ خان نے رواں برس اپنی فلموں سے مداحوں کے دل جیت لیے ہیں، پہلے اُن کی فلم ’پٹھان‘ نے کامیابی سمیٹی اور پھر ’جوان‘ نے دھوم مچادی۔ ایک ہی برس میں شاہ رخ خان کی تیسری فلم ”ڈنکی“ بھی فلم بینوں کو متاثر کرنے کو تیار ہے، جو 22 دسمبر کو ریلیز کی جائے گی۔ بالی ووڈ کے کنگ خان کئی بار اپنے مداحوں کے ساتھ سوشل میڈیا پر ’شاہ رخ خان سے پوچھیں‘ کے عنوان سے سیشن کر چکے ہیں۔

’ٹائیگر 3‘ 400 کروڑ کے کلب میں داخل

3 نے بھارت سمیت پوری دُنیا میں شائقین کا دل جیتنے کا سلسلہ جاری رکھا ہوا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ سپر اسٹار سلمان خان اور کترینہ کیف کی جاسوس تھرلر ایکشن فلم ’ٹائیگر 3‘ چار سو کروڑ کے کلب میں داخل ہوگئی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق منیش شرما کی ہدایت کاری میں بننے والی فلم ’ٹائیگر 3‘ نے ریلیز کے صرف 10 دن میں مجموعی طور پر 400 کروڑ سے زائد کا بزنس کرلیا ہے۔ ٹائیگر 3 کے اس سنگِ میل عبور کرنے پر یش راج فلم کی جانب سے آفیشل انسٹاگرام اکاؤنٹ پر خصوصی پوسٹ کی گئی ہے۔ جس میں کہا گیا کہ ٹائیگر 3 نے بھارت سمیت پوری دُنیا میں شائقین کا دل جیتنے کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔ پوسٹ میں مزید کہا گیا کہ شائقین اپنے قریبی سینما گھروں میں جاکر ہندی، تیلگو اور تامل زبانوں میں ٹائیگر 3 دیکھیں۔

سپورٹس SPORTS

افغان کرکٹر راشد خان آسٹریلیا کی بگ بیش لیگ سے باہر

راشد خان بیک انجری کی وجہ سے ایڈیلیڈ اسٹرائیکرز کی نمائندگی نہیں کریں گے

میلبرن (این این آئی) افغان کرکٹر راشد خان آسٹریلیا کی ٹی ٹوئنٹی بگ بیش لیگ سے باہر ہوگئے۔ بی بی ایل کے مطابق افغانستان کرکٹ ٹیم کے لیگ اسپنر راشد خان کمر کی تکلیف کا شکار ہیں اور بیک انجری کی وجہ سے راشد ایڈیلیڈ اسٹرائیکرز کی نمائندگی نہیں کریں گے۔ ایڈیلیڈ اسٹرائیکرز انتظامیہ کے مطابق راشد خان سرجری کرائیں گے، ان کا ٹیم میں نہ ہونا ہمارے لیے بڑا دھچکا ہے۔ اس کے علاوہ میلبرن اسٹارز کے ہیری بروک بھی بی بی ایل سے دستبردار ہوچکے ہیں۔

حارث رؤف کو ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کیلئے تیار کریں، عاقب جاوید

حارث رؤف کو خود کو ٹیسٹ کے لیے کلیئر کردینا چاہیے‘ گفتگو

لاہور (این این آئی) سابق فاسٹ بولر عاقب جاوید نے کہا ہے کہ آپ حارث رؤف کو ٹیسٹ کرکٹ کے بجائے اگلے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے لیے تیار کریں۔ ایک انٹرویو میں عاقب جاوید نے کہا کہ حارث رؤف کو خود کو ٹیسٹ کے لیے کلیئر کردینا چاہیے، جس نے ایک سال سے ٹیسٹ میچ نہیں کھیلا اس پر پریشر کیوں۔ انہوں نے کہا کہ جس طرح حارث کو دکھایا جارہا ہے وہ اس کے ساتھ ناانصافی ہے، اگر حارث آسٹریلیا جاتا اور کھیلتا تو شاید وہ ان فٹ ہوجاتا۔ واضح رہے کہ حال ہی میں دورہ آسٹریلیا کے لیے نئے چیف سلیکٹر وہاب ریاض نے پاکستان کرکٹ ٹیم کے اسکواڈ کا اعلان کیا تھا۔ پریس کانفرنس میں وہاب ریاض نے کہا تھا کہ فاسٹ بولر حارث رؤف نے خود کو ٹیسٹ کھیلنے سے دستبردار کیا ہے۔

سابق ویسٹ انڈین بیٹر مارلن سیمولز پر 6 سال کی پابندی عائد

مارلن سیمولز پر ستمبر 2021ء میں 4 چارجز عائد کیے گئے تھے

دبئی (این این آئی) ویسٹ انڈیز کے سابق بیٹر مارلن سیمولز پر 6 سال کی پابندی عائد کردی گئی۔ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل کے مطابق مارلن سیمولز پر پابندی ایمریٹس کرکٹ بورڈ کے اینٹی کرپشن کوڈ کی خلاف ورزی پر عائد کی گئی ہے۔ مارلن سیمولز پر ستمبر 2021ء میں 4 چارجز عائد کیے گئے تھے۔ رواں برس اگست میں مارلن سیمولز جرم کے مرتکب قرار پائے گئے۔

وزارتِ بین الصوبائی رابطہ کا پاکستان کرکٹ بورڈ کو ایک اور خط

خط میں چیئرمین پی سی بی ذکاء اشرف کی مینجمنٹ کمیٹی کو امور کے حوالے سے آگاہ کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وزارت بین الصوبائی رابطہ نے پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کو خط لکھ دیا، خط میں چیئرمین پی سی بی ذکاء اشرف کی مینجمنٹ کمیٹی کو امور کے حوالے سے آگاہ کیا گیا ہے۔ خط میں کہا گیا کہ پی سی بی مینجمنٹ کمیٹی کو 3 ماہ کی توسیع کا نوٹیفکیشن 4 نومبر کو جاری ہوا، کمیٹی بورڈ آف گورنرز تشکیل دے اور جلد از جلد چیئرمین پی سی بی کے الیکشن کروائے۔ مینجمنٹ کمیٹی روزمرہ کے امور دیکھے اور اعلیٰ عہدے پر تقرریاں نہ کرے، اس کمیٹی کو 3 ماہ سے زائد توسیع نہیں دی جائے گی۔ خط میں بتایا گیا کہ وفاقی کابینہ نے پی سی بی مینجمنٹ کمیٹی کو چیئرمین کے انتخابات اور بورڈ آف گورنرز تشکیل دینے کی ذمے داری سونپی ہے۔ خط میں کہا گیا کہ مینجمنٹ کمیٹی سے چیئرمین پی سی بی کے انتخابات اور بورڈ آف گورنرز تشکیل دینے میں عدم اطمینانی رہی ہے، وسائل کو استعمال کرتے ہوئے اپنے ٹاسک کو پورا کرنے کی کوشش کریں اور وزارت سے رپورٹ شیئر کریں۔ مینجمنٹ کمیٹی کی جانب سے اعلیٰ عہدے پر تقرریوں کو اختیارات کا غلط استعمال سمجھا جائے گا، کمیٹی ہفتہ وار رپورٹ ترتیب دے کر وزارت کو اپنے اقدامات کے حوالے سے آگاہ کرسکتی ہے۔

پاکستان اور نیدرلینڈز ٹی ٹوئنٹی سیریز ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور نیدرلینڈز کے درمیان آئندہ برس شیڈول ٹی ٹوئنٹی سیریز ملتوی کردی گئی ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق سیریز پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کی درخواست پر ملتوی کی گئی۔ ہائی پرفارمنس منیجر نیدرلینڈز کرکٹ بورڈ رونالڈ لیفبر یو نے کہا کہ پاکستان کرکٹ ٹیم کے شیڈول اور کھلاڑیوں کے ورک لوڈ پر سیریز ملتوی کی گئی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سیریز ملتوی ہونے کی خبر سے متعلق پاکستان کرکٹ بورڈ کا مؤقف سامنے نہیں آیا۔

ورلڈکپ میں شکست‘ عوام اور میڈیا نے بھارتی ٹیم سے منہ موڑلیا

بھارتی ٹی ٹوئنٹی ٹیم کے نئے کپتان کی پریس کانفرنس، صرف 2 صحافی موجود تھے

نئی دہلی (این این آئی) کرکٹ ورلڈ کپ کے فائنل میں آسٹریلیا کے ہاتھوں بھارت کی شکست کے بعد عوام اور میڈیا نے اپنی ٹیم سے منہ موڑلیا، ٹی ٹوئنٹی ٹیم کے نئے کپتان سوریا کمار یادیو کی پریس کانفرنس میں صرف 2 صحافی موجود تھے۔ آسٹریلیا کے خلاف شروع ہونے والی ٹی ٹوئنٹی میچوں کی سیریز کے لیے جب نئے کپتان سوریا کمار یادیو گزشتہ روز پریس کانفرنس کے لیے آئے تو اُنہیں حیران کن صورتحال کا سامنا کرنا پڑا۔ یاد رہے کہ کرکٹ ورلڈ کپ کے دوران 200 صحافی موجود ہوتے تھے۔

پاکستان کرکٹ ٹیم تربیتی کیمپ، تین بولرز ثمین گل، علی شفیق اور محمد علی بھی شامل

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ نے پاکستان کرکٹ ٹیم کے پنڈی میں ہونے والے تربیتی کیمپ میں تین بولرز ثمین گل، علی شفیق اور محمد علی کو شامل کرلیا ہے تاہم فاسٹ بولر شاہنواز دھانی بولنگ کے لئے فٹ نہیں ہیں لہذا انہیں ری ہیب کے لئے نیشنل کرکٹ اکیڈمی بھیجنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے بابر اعظم سرفراز احمد اور عثمان قادر کو پریکٹس کی

صائم ایوب کی ٹیم ڈائریکٹر محمد حفیظ کے ساتھ پریکٹس

محمد حفیظ نے امپائر اسٹمپ پر کھڑے ہوکر صائم ایوب کی بیٹنگ دیکھی



اسلام آباد (این این آئی) نوجوان بیٹر صائم ایوب نے ڈائریکٹر پاکستان کرکٹ ٹیم محمد حفیظ کے ساتھ نیٹ پریکٹس کی۔ محمد حفیظ نے امپائر اسٹمپ پر کھڑے ہوکر صائم ایوب کی بیٹنگ دیکھی۔ نیٹس کے بعد محمد حفیظ نے صائم ایوب سے بیٹنگ کے حوالے سے گفتگو بھی کی۔ واضح رہے کہ حال ہی میں دورہ آسٹریلیا کے لیے صائم ایوب کو پاکستان کرکٹ ٹیم کے اسکواڈ میں شامل کیا گیا ہے۔ پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان 3 ٹیسٹ میچز کی سیریز 14 دسمبر سے شروع ہوگی۔ دونوں ٹیموں کے درمیان پہلا ٹیسٹ 14 سے 18 دسمبر تک پرتھ میں کھیلا جائے گا۔ پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان دوسرا ٹیسٹ 26 سے 30 دسمبر تک میلبرن میں کھیلا جائے گا جبکہ تیسرا اور آخری ٹیسٹ 3 سے 7 جنوری تک سڈنی میں شیڈول ہے۔

بقیہ 1

30 نومبر کو شائع کر دی جائے گی، حتمی انتخابی فہرستوں کی پرنٹنگ نادرا میں جاری ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ حتمی انتخابی فہرستوں کی ترسیل الیکشن پروگرام تک یقینی بنائی جائے گی، سیاسی جماعتوں کی مشاورت کے بعد ضابطہ اخلاق کی الیکشن کمیشن نے منظوری دے دی ہے۔ الیکشن کمیشن کے اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ ضابطہ اخلاق کا باضابطہ نوٹیفکیشن آئندہ چند روز میں جاری کر دیا جائے گا، ڈی آر اوز، آر اوز اور پولنگ اسٹاف کی ٹریننگ کا پلان تیار ہے، انتخابی آفیشلز کی بروقت ٹریننگ کو یقینی بنایا جائے گا۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ بیلٹ پیپرز کی طباعت کے لیے ضروری انتظامات مکمل کر لیے ہیں، الیکشن میٹریل کی خریداری بھی مکمل کر لی گئی ہے۔

بقیہ 2

معائنہ کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر ڈاکٹر جاوید اکرم، سیکرٹری صحت علی جان، سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو سہیل اشرف سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ 3

کو 10 ارب ڈالر تک بڑھایا جائے گا۔ جمعرات کو اسلام آباد کے مقامی ہوٹل میں سٹریٹیجی رپورٹ کے اجراء کی تقریب سے بحیثیت مہمان خصوصی اپنے خطاب میں ڈاکٹر عمر سیف نے کہا کہ آئی ٹی سیکٹر واحد شعبہ ہے جو پاکستان کی معیشت کے استحکام میں مرکزی کردار ادا کر سکتا ہے، اس سیکٹر کو فعال کرنے اور حکمانہ رکاوٹیں دور کرنے میں ایس آئی ایف سی کا مرکزی کردار ہے، اسپیشل انویسٹمنٹ فیسلی ٹیشن کونسل کا فورم پاکستان میں عالمی سرمایہ کاری کیلئے راہیں ہموار کر رہا ہے۔

بقیہ 4

لنگر خانہ 7/24 کھلا رہے گا۔ محکمہ اوقاف اور مدینہ فاؤنڈیشن کے تعاون سے عقیدت مندوں کے لئے 7/24 لنگر کا انتظام کیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے لنگر خانے کو 7/24 اوپن رکھنے کے لئے فوری انتظامات پر محکمہ اوقاف اور مدینہ فاؤنڈیشن کو سراہا۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے ہدایت کی کہ داتا دربار کے اردگرد کے علاقے کو صاف ستھرا اور خوبصورت بنایا جائے۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے کہا کہ عقیدت مندوں کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں فراہم کرنے کے لئے تمام ضروری اقدامات کئے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی کی زیر صدارت وزیر اعلیٰ آفس میں اجلاس منعقد ہوا جس میں داتا دربار کے لنگر خانے کے انتظامات اور تزئین و آرائش کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں پنجاب میں بزرگان دین کے 9 مزاروں کی اپ گریڈیشن پر پیشرفت کے بارے بھی بریفنگ دی گئی۔ اچ شریف میں حضرت جلال الدین بخاری، قصور میں بابا بلھے شاہ، ملتان میں حضرت موسیٰ پاک، شاہ شمس تبریز کے مزارات کی اپ گریڈیشن پر رپورٹ پیش کی گئی۔ سیکرٹری اوقاف اور مدینہ فاؤنڈیشن کے میاں رشید نے لنگر خانے کے انتظامات کے بارے میں بریفنگ دی۔ مدینہ فاؤنڈیشن کے تعاون سے مزار کے گرد برآمدوں (غلام گردش) کی توسیع سے عقیدت مندوں کے لئے گنجائش 3 ہزار سے بڑھ کر 5 ہزار ہو جائے گی۔ صوبائی وزیر اطلاعات عامر میر، ڈی جی والڈ سٹی اتھارٹی آف لاہور، مدینہ فاؤنڈیشن کے میاں رشید، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو، سیکرٹری خزانہ، سیکرٹری اطلاعات، سیکرٹری اوقاف، سیکرٹری پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ، کمشنر لاہور ڈویژن، ڈی آئی جی آپریشنز، ڈی جی پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ، ڈپٹی کمشنر اور متعلقہ حکام نے اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ 5

تکلیف دہ ہیں۔ وہ پیپلز پارٹی کی بانی کارکن فرخندہ بخاری کی کتاب "یہ بازی عشق کی بازی ہے" کی تقریب رونمائی اور پیپلز پارٹی انسانی حقوق سیل کے زیر اہتمام الحمرا ہال میں منعقدہ سیمنار سے وڈیو خطاب کر رہے تھے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ عوام کو جمہوری حقوق ملنے چاہییں، بینظیر بھٹو، عاصمہ جہانگیر کی انسانی حقوق کے تحفظ میں خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ بیگم نصرت بھٹو نے اپنے خاوند کے عدالتی قتل پر جمہوری حقوق کے لئے جدوجہد کی، فرخندہ بخاری کی کتاب "یہ بازی عشق کی بازی ہے" ہے ان کی جدوجہد کی داستان ہے، کاش فرخندہ بخاری زندہ ہوتیں تو دیکھتیں کہ انہیں کیسے خراج عقیدت پیش کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 6

تکنیکی وفد آئندہ ہفتے پاکستان آئیگا ذرائع ایف بی آر کے مطابق تکنیکی وفد ایف بی آر کے ساتھ ٹیکس پالیسی پر مذاکرات کرے گا۔ ٹیکس پالیسی میں ترامیم کیلئے اقدامات کیے جائیں گے، ٹیکس پالیسی میں ترامیم کا مقصد ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنا اور زیادہ ریونیو اکٹھا کرنا ہوگا۔ ایف بی آر ذرائع کے مطابق ریٹیلرز کیلئے سکیم متعارف کرانے کا بنیادی ڈھانچہ بھی تکنیکی وفد کے ساتھ مل کر تیار کیا جائے گا۔ ٹیکس پالیسی کے ذریعے مزید 10 لاکھ لوگوں کو ٹیکس نیٹ میں لاکر ٹیکس دہندگان کی تعداد 60 لاکھ تک پہنچائی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق تکنیکی وفد کیساتھ مل کر ٹیکس پالیسی میں کی گئی ترامیم آئندہ بجٹ میں نافذ العمل ہوں گی، ٹیکس پالیسی اور انفورسمنٹ میں بہتری کیلئے تکنیکی وفد سے ایک ہفتہ تک مذاکرات جاری رہیں گے۔

بقیہ 7

کوریئر آفس میں پارسل سے 2 کلو 400 گرام ہیروئن برآمد کرلی گئی، برآمدہ ہیروئن 6 عدد پینٹوں میں جذب کر کے برطانیہ کیلئے بُک کی گئی تھی۔ ترجمان کے مطابق ملتان میں واقع کوریئر آفس میں کینیڈا سے بھیجے گئے پارسل سے 230 گرام ویڈ برآمد کر لی گئی، سیالکوٹ ایئرپورٹ پر مسافر کے ٹرالی بیگ میں چھپائی گئی 1 کلو 174 گرام آئس برآمد ہوئی، ملزم پرواز نمبر 769-GF کے ذریعے بحرین کے لئے روانہ ہو رہا تھا۔ ترجمان کے مطابق شانگلہ بل روڈ فیصل آباد پر موٹر سائیکل سوار دو ملزمان سے 7 کلو 200 گرام چرس برآمد کرلی گئی، لاہور روڈ، فیصل آباد پر موٹر سائیکل سوار سے 2 کلو 400 گرام چرس اور 150 گرام آئس برآمد ہوئی، کہوٹہ روڈ اسلام آباد پر گاڑی سے 18 کلو چرس برآمد کر کے ملزم گرفتار کرلیا۔ ترجمان کے مطابق جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر کوئٹہ سے بھیجے گئے پارسل سے 3 کلو 500 گرام چرس برآمد ہوئی۔ ترجمان کے مطابق رنگ روڈ پشاور پر گاڑی سے 3 کلو ہیروئن اور 700 گرام آئس برآمد کر کے ملزم گرفتار کرلیا گیا۔ ترجمان کے مطابق جمرود روڈ پر گاڑی سے ایک کلو آئس اور ایک 9 ایم ایم پستول برآمد کر کے ملزم گرفتار کرلئے گئے۔ ترجمان کے مطابق سکھر میں سجاد ریسٹورنٹ کے قریب ملزم سے 2 کلو چرس برآمد کرلی گئی۔ ترجمان کے مطابق حب میں الائن ہاؤسنگ سوسائٹی کے قریب لاوارث موٹر سائیکل سے 2 کلو 400 گرام چرس برآمد کرلی گئی۔ ترجمان کے مطابق تمام ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے مزید تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 8

محسن نقوی نے عوام کو مشورہ دیا کہ جلد لائسنس بنا لیں فیس بڑھنے والی ہے، جو فیس عوام نے لائسنس مد میں دینی ہے، اس سے زیادہ بغیر لائسنس جرمانہ ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کا کہنا تھا کہ ڈرائیورز کیلئے لائسنس کی موجودگی پر سختی ہوئی ہے، 18 سال سے کم عمر ڈرائیورز کو جیل جانا پڑے گا، عدالت سے رہائی ملے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو چاہیے کہ جتنا ہو سکے ٹریفک قوانین کی پاسداری کریں، پوری پنجاب میں 437 پولیس اسٹیشن میں کام چل رہا ہے، ہمیں تھانے کے ساتھ رویوں کو بھی ٹھیک کرنا ہے۔ اسموگ کے حوالے سے محسن نقوی نے بتایا کہ ہم تجربہ کریں گے، مصنوعی بارش کیلئے بادل بھی ضروری ہے، ہم نےکوشش کرنی ہیکہ اسموگ کم سکیم ہو۔ وزیراعلیٰ پنجاب کا کہنا تھا کہ الیکشن کیلئے پوری تیاری ہے، الیکشن کمیشن کی معاونت کریں گے۔

بقیہ 9

گئی۔ تفصیلات کے مطابق لاہور میں اسموگ کا سلسلہ جاری ہے، جس کے باعث لاہور آج پھر آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں پہلے نمبر آ گیا، جہاں ایئر کوالٹی انڈیکس 504 ریکارڈ کیا گیا۔ فضائی آلودگی کے اعتبار سے دنیا کے شہروں میں دہلی کا دوسرا نمبر، ڈھاکا تیسرے اور کراچی ساتویں نمبر پر ہے۔ صوبائی دارالحکومت میں فضا ایک بار پھر خطرناک ترین حد تک آلودہ ہوگئی جس سے شہریوں کو سانس لینے میں دشواری کا سامنا ہے۔ حکومت کی جانب سے شہریوں کو ماسک کے استعمال کی ہدایت دی گئی ہے دوسری طرف فصلوں کی باقیات کو آگ لگانے کی حوصلہ شکنی کے لئے حکومت پنجاب نے کسانوں کو سستی بگوٹا مشینری کی فراہمی کے لئے محکمہ زراعت سے سفارشات طلب کرلیں۔ فوکل پرسن محکمہ تحفظ ماحولیات نسیم الرحمن شاہ کا کہنا تھا کہ نقوی حکومت نے یہ فیصلہ کرلیا ہے کہ حکومتی سطح پر آئندہ کوئی بھی موٹر بائیک یا گاڑی الیکٹرک ہی خریدی جائے گی جبکہ صوبہ بھر میں تمام بسوں کو الیکٹرک شفٹ کرنے کے لئے تین ارب روپے بھی مختص کردیئے گئے ہیں۔

بقیہ 10

فروری کو الیکشن کی تاریخ دی ہے، وہ گزشتہ روز پیپلز پارٹی انسانی حقوق سیل کے زیر اہتمام الحمرا ہال میں جمہوریت اور سماجی انصاف کی جدوجہد میں خواتین کے کردار کے موضوع پر سیمنار سے خطاب اور میڈیا سے گفتگو کر رہی تھیں۔ اس موقع پر فیصل میر، ملائیکہ رضا، معصومہ بخاری، نایاب جان اور دیگر بھی موجود تھے۔ شازیہ مری نے کہا کہ پاکستان میں اب ایڈونچر بند ہونے چاہئے، اشارے ہوئے یا نہیں ہوئے، اعلان کرنے والے کرنے معصوم ہیں، سب جانتے ہیں، پیپلز پارٹی وہ واحد جماعت ہے جس نے جمہوریت کیلئے سب سے زیادہ قربانیاں دی بہت دکھ ہوتا ہے جب ملک میں جمہور کی مرضی سے وزیراعظم نہ بنے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری لڑائی کسی جماعت یا کسی شخص سے نہیں، ہم لوگوں کے حقوق کیلئے لڑ رہے ہیں، پاکستان پیپلز پارٹی کیلئے بے شک کسی نے آواز نہیں اٹھائی مگر ہم ہمیشہ ظلم کے خلاف آواز اٹھاتے ہیں۔ شازیہ مری نے کہا کہ قانون اور آئین کا احترام سب پر لازم ہے

بقیہ 11

معاشی تعلقات کے فروغ پر بھی گفتگو کی گئی۔ نگراں وزیر تجارت ڈاکٹر گوہر اعجاز نے کہا کہ پاکستانی تاجروں کے وفد کے ہمراہ آئندہ ماہ چین کا دورہ کروں گا، چین کے دورے میں دوطرفہ تجارت و سرمایہ کاری کے مواقع پر بات ہوگی۔

بقیہ 12

ظہرانے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں اور قبائلی عمائدین/ سرداران کے ہمراہ آنا خوش آئند ہے۔ بلوچستان کے نوجوانوں کو اس طرح کے دوروں سے سیکھنے کا موقع ملے گا۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ بلوچستان میں جرگے کے ذریعے تنازعات کو بروقت حل کرنے پر قبائلی سرداران کو مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ قبائلی معاشرے میں تنازعات کے بروقت حل کیلئے جرگہ سسٹم کا اہم کردار ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی نوجوان نسل کو کاروبار کی طرف توجہ دیتے ہوئے اس میں مہارت حاصل کرنی چاہیے۔ بلوچستان کے نوجوانوں میں قابلیت موجود ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ صوبہ بلوچستان میں کاروبار اور تجارتی سرگرمیوں کی ترقی میں نوجوانوں کا اہم کردار ہے۔ اس موقع پر سینیٹر پرنس احمد عمرزئی، سینیٹر حاجی ہدایت اللہ خان، سینیٹر نصیب اللہ بازئی، سینیٹر دلاور خان، سینیٹر عمر فاروق اور سینیٹر بہرامند خان تنگی بھی موجود تھے۔ وفد کو سینیٹ میوزیم کا بھی دورہ کرایا گیا۔ میوزیم میں وفد کو ایوان بالا کی تاریخ پر مبنی دستاویزی فلم دکھائی گئی۔ وفد نے سینیٹ میوزیم میں ملک کے ممتاز سیاستدانوں کے مجسموں اور تاریخی تصاویر میں دلچسپی کا اظہار کیا۔

بقیہ 13

ہوئی۔ عدالت نے فواد چوہدری کی حاضری سے استثنیٰ کی درخواست منظور کرلی۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد نے استحکام پاکستان پارٹی (آئی پی پی) کے رہنما فواد چوہدری کے خلاف فراڈ کیس میں مقدمے کا چالان طلب کیا تھا۔ سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری کو جوڈیشل ریمانڈ مکمل ہونے پر کل عدالت میں پیش نہیں کیا گیا تھا اور اڈیالہ جیل سے ہی ان کی آن لائن حاضری لگادی گئی تھی۔

بقیہ 14

پہنچ گئی۔ ہولی فیملی میں انیس، واہ جنرل ہسپتال اور کلر سیداں ہسپتال میں تین، تین افراد زیر علاج ہیں۔ ضلعی انتظامیہ نے ڈینگی ایس او پی کی خلاف ورزی پر تین مقدمات درج کیے ہیں۔

بقیہ 15

کا حکم دے دیا۔ الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی کے انٹرا پارٹی انتخابات سے متعلق محفوظ فیصلہ سنا دیا۔ ای سی پی نے فیصلے میں تحریک انصاف کے انٹرا پارٹی انتخابات کو کالعدم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پی ٹی آئی نے آئین کے مطابق انٹرا پارٹی الیکشن نہیں کروائے، پاکستان تحریک انصاف 20 روز کے اندر دوبارہ انٹرا پارٹی انتخابات کروائے۔ واضح رہے کہ الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی انٹرا پارٹی الیکشن سے متعلق 13 ستمبر کو فیصلہ محفوظ کیا تھا۔

بقیہ 16

نے میٹنگ کا آغاز کیا اور خصوصی کاروبار کے شیئر ہولڈرز سے کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 199 کے تحت TEL کے قرض دہندگان کے حق میں سکیورٹی کے طور پر ایف ایف سی کے اثاثوں پر 3.5 ملین USD یا اسی رقم میں PKR کے مساوی چارج کی منظوری طلب کی، اور کمپنی کے سالانہ آڈٹ کی گردش سالانہ جنرل میٹنگ نوٹس کے حصے کے طور پر QR فعال کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے مالی بیانات کی بھی منظوری طلب کی۔ شیئر ہولڈرز نے رائے شماری (balloting) کے ذریعے مجوزہ قراردادوں کی متفقہ طور پر منظوری دی۔ چیئرمین فوجی فاؤنڈیشن، جناب وقار احمد ملک اور MD&CEO ایف ایف سی، جناب سرفراز احمد رحمان نے اس موقع پر شرکت کی جہاں انہوں نے حصص یافتگان کے مختلف سوالات کے جوابات دیئے اور نامساعد حالات کے باوجود، ایف ایف سی کی کارکردگی کے اعلیٰ معیار کو حاصل کرنے اور قابل قدر شیئر ہولڈرز کو مستقل آمدنی فراہم کرنے کے عزم کا یقین دلایا۔

بقیہ 17

کے، ہنستے بستے ملک کو ہم نے خود اجاڑا ہے، اپنے ہاتھوں سے اجاڑا ہے، ہم سبق نہیں سیکھتے، غلطیوں سے سیکھ کر مستقبل ٹھیک کریں۔ کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پارٹی کارکنوں سے ملاقات کر کے خوشی ہو رہی ہے، میرا مری کے بھائیوں، دوستوں اور کارکنوں سے مضبوط رشتہ ہے، مری میرا دوسرا گھر ہے۔ نواز شریف نے کہا کہ دن رات محنت کر کے بجلی کے منصوبے لگائے اور مکمل کیے، 11 ہزار میگاواٹ بجلی سسٹم میں ہم نے شامل کی، ہم نے اپنے دور میں بجلی کے متعدد منصوبے لگا کر لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں جھوٹ نہیں بولتا، انسانوں کے ساتھ غلط سلوک کو اللہ تعالیٰ معاف نہیں کرتا، پہلی بار ہم سندھ میں کوئلے کے ذخائر کو استعمال میں لائے، کوئلہ ملکی پیداوار ہے جس سے ہزاروں میگاواٹ بجلی بنائی جا سکتی ہے۔ سابق وزیر اعظم نے کہا کہ ہمارے دور کے بعد کس قسم کا دور تھا، ملک کا کلچر تباہ ہوگیا، جب میں وزیر اعظم تھا تو ملک کو ڈیفالٹ سے بچایا، پاکستان گرے لسٹ میں تھا، ہم وائٹ لسٹ پر لائے، نواز شریف کے خلاف کچھ نہیں ملا تو بیٹے سے تنخواہ نہ لینے پر نااہل کردو، ملک کے وزیر اعظم کو بیٹے سے تنخواہ نہ لینے پر فارغ کر دیا گیا، یہ مثال ہے۔ مسلم لیگ ن کے قائد نے کہا کہ ہم نے قلیل مدت میں بجلی کے متعدد منصوبے لگا کر لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا، عوام کو سبز باغ دکھانے کے بجائے عملی خدمت پر یقین رکھتے ہیں، حقوق اللہ معاف ہو سکتے ہیں، حقوق العباد نہیں۔

بقیہ 18

روکنے کے لیے بالادست ہندوتوا حکومت پر دباؤ کے حربے استعمال کرنے چاہییں۔ انہوں نے اس بات پر حیرانگی ظاہر کی کہ پاکستان، آزاد کشمیر، بھارت کے غیر قانونی طور پر مقبوضہ جموں وکشمیر اور بھارت کے اندر ٹارگٹ کلنگ کے بعد اب بھارتی عالمی دہشت گرد نیٹ ورک سارے براعظموں میں پھیل گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کینیڈا میں سکھ رہنما ہردیپ سنگھ نجر کا قتل اور ایک اور ممتاز خالصتانی رہنما گروپتون سنگھ پنو کے قتل کی حالیہ ناکام سازش اس بات بھارت کی دہشت گرد نیٹ ورک کا ثبوت ہے۔ معاون خصوصی نے کہا کہ ان واقعات سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہندوستانی ڈیتھ اسکواڈ اب بھی اوٹاوا اور واشنگٹن کی خودمختاری اور قومی سلامتی کو براہ راست چیلنج کر رہا ہے۔ مشعال ملک نے مطالبہ کیا کہ عالمی طاقتیں اور اقوام متحدہ کے اداروں کو بدنام زمانہ بھارتی حکومت کی طرف سے انسانی حقوق کی بگڑتی ہوئی خلاف ورزیوں کا نوٹس لینا چاہیے، انہوں نے مزید کہا کہ بھارت میں اقلیتی برادریوں کو منظم نسل کشی کا سامنا ہے۔ انہوں نے یاد دلایا کہ محصور وادی کشمیر کے عوام گزشتہ سات دہائیوں سے بھارتی ریاستی دہشت گردی اور نسل کشی کی کارروائیوں کا سامنا کر رہے ہیں۔ مقبوضہ کشمیر دنیا کے سب سے بڑے ٹارچر سیل اور گیریژن سٹی میں تبدیل ہو چکا ہے۔ اس کے باوجود عالمی طاقتیں بھارت کی طرف سے مسلسل خون کی ہولی اور بے گناہ کشمیریوں کے قتل عام سے غافل ہے۔ مشعال ملک نے اس بات پر زور دیا کہ عالمی برادری اور اقوام متحدہ کے اداروں کو نہ تو ہندوستانی ڈیتھ اسکواڈ کے ہاتھوں مزید لاشیں گرنے کا انتظار کرنا چاہئے اور نہ ہی انہیں ٹارگٹڈ قتلوں میں ملوث ہونے کے بعد ہندوستان کے دہشت گرد ریاست ہونے کے ثبوت کا انتظار کرنا چاہئے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اب وقت آ گیا ہے کہ دنیا بھارت کو دہشت گرد ریاست قرار دینے کے لیے متفقہ اور فوری اقدامات کرے اور بغیر کسی تاخیر کے اس ملک پر سخت سفارتی اور اقتصادی پابندیاں عائد کرے ورنہ بھارتی نسل کشی کرنے والے اور بدنام زمانہ ڈیتھ اسکواڈ ہندوستان کے اندر اور باہر مسلم، سکھ، عیسائی اور دیگر اقلیتیں قتل کرتے رہیں گے۔

بقیہ 19

لڑیں گے۔ اسلام آباد میں بچوں کے غزہ مارچ سے خطاب کرتے ہوئے سراج الحق کا کہنا تھا کہ اسلام آباد میں بچوں کا اجتماع پیغام دے رہا ہے کہ وہ غزہ کے ساتھ ہیں، فیصل مسجد کے سامنے ہزاروں کا اجتماع ظالموں کیلئے موت کا پیغام ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج اسرائیل کی وجہ سے پورا غزہ ملبے کا ڈھیر اور بچوں کا قبرستان بن گیا ہے، غزہ میں بغیر کفن کے نعشیں پڑی ہوئی ہیں، تمام ظالموں اور وحشی درندوں کو اس دنیا میں سزا ملنی چاہیے۔ امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ ترکی اور استنبول کے عوام بھی اسرائیلی ظلم کے خلاف کھڑے ہیں، لندن، واشنگٹن اور دنیا کے باضمیر انسان اہل غزہ کی سپورٹ میں کھڑے ہیں، افسوس ہے کہ عوام غزہ کے ساتھ ہیں جبکہ حکمران بزدلی کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کیا حکمرانوں کو کفن کے بغیر نعشیں نظر نہیں آ رہیں؟ صدر نے تجویز دی ہے اسرائیل کو تسلیم کیا جائے

بقیہ 20

کے مطابق اسموگ کی صورتحال ابتر کے پیش نظر وزیر علی پنجاب محسن نقوی نے کیبنٹ کمیٹی انسداد اسموگ کا اجلاس آج پھر طلب کر لیا، کابینہ کمیٹی برائے انسداد اسموگ کے اجلاس میں اہم فیصلے متوقع ہے۔ اجلاس کے شرکا کو اسموگ کی صورتحال پر بریفنگ دی جائے گی اور ماہرین ماحولیات، صحت سے متعلق سفارشات پر نئے اقدامات کئے جائیں گے۔ پنجاب میں اسموگ کے تدارک کے لیے سافٹ اسموگ لاک ڈاؤن کی تجاویز تیار کرلی گئیں ہیں، ذرائع کا کہنا ہے کہ محکموں کی طرف سے رواں جمعہ کو تمام اسکول، کالج، یونیورسٹیز بند کرنے کی تجویز ہے۔

بقیہ 21

دہشتگرد مارے گئے۔ سی ٹی ڈی حکام کا بتانا ہے کہ کارروائی تربت کے علاقے بانک میں پسنی روڈ پر کی گئی، ہلاک دہشتگردوں سے بڑی تعداد میں اسلحہ، گولہ بارود برآمد ہوا ہے۔ سی ٹی ڈی حکام نے مزید بتایا کہ ہلاک دہشت گرد فورسز اور شہریوں پر حملوں میں ملوث تھے۔

بقیہ 22

بزنس فسیلیٹیشن سینٹر بنایا گیا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب دسمبر کے پہلے ہفتے میں اس کا باقاعدہ افتتاح کریں گے۔ بزنس فسیلیٹیشن سینٹر کے انقلابی اقدام سے پنجاب میں سرمایہ کاری کا کلچر بدلے گا اور سرمایہ کاری میں حائل ہر رکاوٹ دور ہوگی۔ نیا کارخانہ لگانے کیلئے ایک ہی چھت تلے این او سی ملے گا۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت نے کہا کہ محکموں کے فوکل پرسنز مقرر کردیئے گئے ہیں۔ پنجاب اور وفاق کے 17 متعلقہ محکموں کے افسران بزنس فسیلیٹیشن سینٹر میں فرائض سرانجام دیں گے۔ جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے بزنس فسیلیٹیشن کی کارکردگی مانیٹر کی جائے گی۔ ایس ایم تنویر نے کہا کہ بزنس فسیلیٹیشن سینٹر صوبے میں نئی سرمایہ کاری لانے میں سنگ میل ثابت ہوگا۔ سیکرٹری صنعت وتجارت احسان بھٹہ نے بزنس فسیلیٹیشن سینٹر کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ایڈیشنل سیکرٹری کامرس، سی ای او پیڈمک، ایڈیشنل سیکرٹری ہاؤسنگ اور متعلقہ محکموں کے فوکل پرسنز نے اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ 23

کنکشن جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 14 کنکشن منقطع کیے اور 3 لاکھ 50 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ بہاولپور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 1 کنکشن منقطع کیا گیا۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 2 کنکشن منقطع کیے گئے۔ شیخوپورہ میں 15 کنکشن کاٹے گئے اور 44 انڈر بلنگ کیسز پروسیس/اندراج ہوئے جبکہ 26 لاکھ سے زائد کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ ٹیم نے سیالکوٹ میں کارروائی کرتے ہوئے 4 لاکھ سے زائد کے جرمانے کیے گئے۔ ملتان میں ریجنل ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 4 گیس کنکشن منقطع کرنے کے علاوہ 46 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کیے گئے اور 30 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ سوئی ناردرن گیس نے پشاور/کرک میں میٹر سے چھیڑ چھاڑ، گیس کے براہ راست استعمال، غیر قانونی کنکشن پر 34 کنکشن منقطع کیے گئے اور 10 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے۔ مزید 3 ایف آئی آر بھی درج کی گئی۔ ساہیوال میں ٹیم نے 10 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ فیصل آباد میں ریجنل ٹیم نے کریک ڈاؤن کے دوران گیس کے غیر قانونی استعمال پر 2 اور 10 انڈر بلنگ کیسز اندراج کیے گئے مزید 1 لاکھ 90 ہزار کے جرمانے بھی کیے گئے۔ ٹیم نے کاروائی کے دوران مردان میں 30 انڈر بلنگ کیسز پروسیس/اندراج کیے گئے اور 50 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ ٹیم نے سرگودھا میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 3 اور 23 انڈر بلنگ کیسز پروسیس/اندراج کیے اور 20 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ گجرانولہ میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 2 گیس کنکشن منقطع کیے گئے اور 3 لاکھ 40 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے اور ایک ایف آئی آر بھی درج کی گئی۔

گھریلو کنکشن جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 14 کنکشن منقطع کیے اور 3 لاکھ 50 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ بہاولپور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 1 کنکشن منقطع کیا گیا۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 2 کنکشن منقطع کیے گئے۔ شیخوپورہ میں 15 کنکشن کاٹے گئے اور 44 انڈر بلنگ کیسز پروسیس/اندراج ہوئے جبکہ 26 لاکھ سے زائد کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ ٹیم نے سیالکوٹ میں کاروائی کرتے ہوئے 4 لاکھ سے زائد کے جرمانے کیے گئے۔ ملتان میں ریجنل ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 4 گیس کنکشن منقطع کرنے کے علاوہ 46 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کیے گئے اور 30 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ سوئی ناردرن گیس نے پشاور/کرک میں میٹر سے چھیڑ چھاڑ، گیس کے براہ راست استعمال، غیر قانونی کنکشن پر 34 کنکشن منقطع کیے گئے اور 10 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے۔ مزید 3 ایف آئی آر بھی درج کی گئی۔ ساہیوال میں ٹیم نے 10 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ فیصل آباد میں ریجنل ٹیم نے کریک ڈاؤن کے دوران گیس کے غیر قانونی استعمال پر 2 اور 10 انڈر بلنگ کیسز اندراج کیے گئے مزید 1 لاکھ 90 ہزار کے جرمانے بھی کیے گئے۔ ٹیم نے کاروائی کے دوران مردان میں 30 انڈر بلنگ کیسز پروسیس/اندراج کیے گئے اور 50 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ ٹیم نے سرگودھا میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 3 اور 23 انڈر بلنگ کیسز پروسیس/اندراج کیے اور 20 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ گجرانولہ میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 2 گیس کنکشن منقطع کیے گئے اور 3 لاکھ 40 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے اور ایک ایف آئی آر بھی درج کی گئی۔

بقیہ 24

بینک اکاؤنٹس اور جائیدادیں منجمد کر دی گئیں۔ تحریک انصاف کے رہنما مونس الٰہی کے خلاف ایف آئی اے نے منی لانڈرنگ کیس میں عدالتی حکم پر بینک اکاؤنٹس منجمد کردیئے گئے ہیں۔ دستاویز کے مطابق مونس الٰہی کے لاہور میں 8 مختلف بینک اکاؤنٹس منجمد کیے گئے ہیں، ان کے مختلف بینک اکاؤنٹس میں 48 کروڑ 76 لاکھ سے زائد کی رقم آئی اور انہوں نے ساری رقم ان بینک اکاؤنٹس سے نکلوالی۔ دستاویز میں بتایا گیا ہے کہ مونس کے رقم جمع کرانے اور منتقل کرنے میں استعمال ہونے والے بینک اکاؤنٹس منجمد کردیے گئے ہیں، ان کے مختلف بینک اکاؤنٹس منی لانڈرنگ کے لئے استعمال ہوئے ہیں۔ دستاویز کے مطابق مونس الٰہی کی 6 مختلف پراپرٹیز کو بھی منجمد کر دیا گیا ہے، ان کی قصور میں 5 اور راولپنڈی میں ایک پراپرٹی کو منجمد کیا گیا، انہوں نے پراپرٹیز منی لانڈرنگ سے بنائی ہیں اور عدالت کے حکم پر ان کے بینک اکاؤنٹس اور پراپرٹیز کو منجمد کیا گیا ہے۔

بقیہ 25

مطابق رقم جمع اور نکلوانے میں استعمال تمام بینک اکاؤنٹس منجمد کردیے گئے ہیں، مونس الٰہی کے مختلف بینک اکاؤنٹس منی لانڈرنگ کے لیے استعمال ہوئے۔ دستاویز کے مطابق مونس الٰہی کی 6 مختلف پراپرٹیز کو بھی منجمد کردیا گیا ہے، قصور میں 5 اور راولپنڈی میں ایک پراپرٹی کو منجمد کیا گیا ہے۔ دستاویز میں بتایا گیا کہ مونس الٰہی نے پراپرٹیز منی لانڈرنگ سے بنائی ہیں۔

بقیہ 26

میں بجلی کی ہائی ٹرانسمیشن لائنوں کی مرمت اور دھلائی کا سلسلہ شروع کردیا گیا ہے، ڈسک واشنگ یونٹ کے ذریعے انسولیٹرز اور ڈسکوں کو دھویا جا رہا ہے۔ ایکسین ایس ایس اینڈ ٹی ڈویژن شالیمار ملک محمد اشفاق کا کہنا ہے کہ سموگ کے باعث انسولیٹرز اور ڈسکوں پر گرد اور کاربن جم جاتا ہے، سموگ کے ساتھ جب فوگ شروع ہوتی ہے تو یہ کاربن اور گرد کیچڑ بن جاتا ہے، کاربن اور گرد پانی کی آمیزش سے انسولیٹرز اور ڈسکوں کو شدید نقصان پہنچتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ صورتحال سپارکنگ، بریک ڈاؤن اور دیگر تکنیکی خرابیوں کا باعث بنتی ہے، اس صورتحال پر قابو پانے کے لیے ڈسک واشنگ یونٹ سے سسٹم کو محفوظ رکھنے کے لیے کام کیا جاتا ہے، اس وقت لیسکو میں سموگ سے سسٹم کو بچانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

بقیہ 27

میں اپنا کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں، انہوں نے ان خیالات کا اظہار گورنمنٹ گرلز ہائی سکول سدوال میں یوم اقبال کے سلسلہ میں طالبات کے مابین منعقدہ تقریری مقابلوں کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر CEO ایجوکیشن ڈاکٹر عبدالوحید، ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ آفیسر بلال زبیر، معززین، گورنمنٹ گرلز ہائی سکول سدوال اور دیگر گرلز ہائی سکولوں کی سربراہان و اساتذہ اور طالبات نے شرکت کی، ڈپٹی کمشنر قرآۃ العین ملک نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں ایسی تقاریب کے انعقاد سے طلباء وطالبات میں اقبال فہمی کا جذبہ فروغ پاتا ہے، جس کی آج کے دور میں اشد ضرورت ہے، انہوں نے کہا کہ فکر اقبال کی ترویج کیلئے تقریری مقابلوں کا انعقاد قابل تحسین امر ہے جس سے طالبات کو اقبال کی ہمہ جہت شخصیت اور انکے تصور خودی سے متعلق راہنمائی حاصل کرنے میں خاصی مدد ملے گی، ڈپٹی کمشنر نے اپنے خطاب میں اس امر پر زور دیا کہ اقبال کے نور بصیرت کو عام کرنے کی ضرورت ہے تا کہ نوجوان نسل اقبال کے پیغام کی اصل روح سے آشنا ہو سکے اور پاکستان کے استحکام کیلئے اس خواب کو شرمندہ تعبیر کیا جا سکے جو اقبال نے دیکھا تھا، تقریب سے دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے علامہ اقبال کے تصورات و نظریات کو اجاگر کیا اور کہا کہ اقبال کے نظریات کو بچوں میں راسخ کرنے کی ضرورت ہے، اس ضمن میں انہوں نے تقریری مقابلوں کے انعقاد کو اہم ذریعہ قرار دیا اور مقابلوں میں حصہ لینے والی طالبات کی مہارت کو سراہا، تقریب کے آخر میں ڈپٹی کمشنر قرآۃ العین ملک نے اول، دوم اور سوم پوزیشن حاصل کرنے والی طالبات میں انعامات اور اسناد و توصیف تقسیم کیں اور تقریری مقابلوں میں شریک طالبات کے جذبہ مسابقت کو قابل تحسین قرار دیا۔

بقیہ 28

مقامات پر چھاپوں کے دوران بھاری مقدار میں اسلحہ برآمد کر کے مقدمات درج کر دیے ہیں۔

بقیہ 29

رخ روڈ کراس کر رہا تھا کہ نامعلوم گاڑی نے ٹکر ماری دی جو موقع پر جاں بحق ہو گیا مقامی پولیس نے موقع پر پہنچ کر قانونی کارروائی شروع کر دی۔

بقیہ 30

فروخت کرنے ڈگری ایا تو ڈگری میں سندھ گرین ہوٹل کے قریب چھ افراد تین موٹر سائیکل پر آئے اللہ بخش کلوئی، معشوق کلوئی، فیاض کلوئی، میر محمد کلوئی، علی محمد کلوئی اور محبوب کلوئی نے انکے بیٹے سلیم کلوئی کو روک کر تشدد کا نشانہ بنایا اور اپنے ساتھ موٹر سائیکل پر بٹھا کر لے گئے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ ہمارے بیٹے کو تشدد کے بعد اغواہ کیا گیا ہے، ہم اپنے خاندان کے ساتھ ڈگری پولیس اسٹیشن جہاں ہم نے درخواست جمع کروائی ہے ہمارا ان سے پرانا تنازعہ تھا پریس کانفرنس کرنے والے متاثرہ خاندان نے ڈی آئی جی میرپورخاص، ایس ایس پی میرپورخاص اور دیگر متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ہمیں انصاف مہیا کیا جائے اور ہمیں تحفظ فراہم کیا جائے ہم ان افراد سے جان و مال کا خطرہ ہے

بقیہ 31

نے کہا کہ کاشتکار گندم کی کاشت رواں ماہ ہر صورت مکمل کرلیں۔

بقیہ 32

بنانا کوئی کوئی جانتا ہے، کچھ لوگ چالو قسم کی چائے بناتے ہیں اور کچھ دل سے چائے بناتے ہیں۔ ملک بھر میں مہنگائی کی لہر اشرف المشروبات چائے تک جا پہنچی جس کے باعث چائے کا کپ اور قہوے کی چسکی بھی جیب پر بھاری پڑنے لگی، گزشتہ برس کے مقابلے میں چائے کی پتی کی قیمت میں 20 سے 30 فیصد تک اضافہ ہوا ہے۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق مارکیٹ میں چائے کی پتی 1600 روپے فی کلو بیچی جا رہی ہے، کھلی پتی کے بعض برانڈ 1400 روپے فی کلو تک بھی دستیاب ہیں جبکہ مقامی قہوہ کی پتی 1400 سے 1600 روپے فی کلو تک فروخت ہو رہی ہے۔ ایک سال کے دوران چائے کا کپ 20 روپے تک مہنگا ہوا ہے، عام ڈھابے پر چائے کا کپ 70 روپے تک بیچا جا رہا ہے۔ شہریوں کے مطابق ہر چیز کی طرح چائے اور قہوہ بھی مہنگے ہو رہے ہیں، سردی میں چائے اور قہوے کی چسکی بھی اب جیب پر بھاری پڑ رہی ہے۔ ادھر دکانداروں نے کہا کہ ڈالر مہنگا ہونے کی وجہ سے چائے کی پتی بھی مہنگی ہوئی، سردی بڑھنے پر چائے کی پتی مزید مہنگی ہونے کا امکان ہے۔ واضح رہے کہ ملک بھر میں سالانہ 140 ارب روپے کی چائے پتی درآمد کی جاتی ہے اور درآمدی نرخ کا مکمل انحصار ڈالر پر ہے، ڈالر کی تیزی چائے کے نرخ میں بھی تیزی لاتی ہے۔

بقیہ 33

فال روڈ پر لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی ورکشاپ کی ڈیجیٹلائزیشن اور فیس وصولیوں کے لیے موبائل ایپلی کیشن کی افتتاحی تقریب سے خطاب کے دوران کیا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے اپنے کام سے اپنے قیام کا جواز ثابت کیا۔ عید ہو یا برسات کمپنی کا عملہ ہر موسم اور ہر تہوار پر فیلڈ میں سرگرم عمل نظر آیا۔ گزشتہ چند ماہ میں شہر کی صفائی کے حوالے سے جو تبدیلی واضح طور پر دیکھی گئی وہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سے لے کر صفائی کرنے والے عملہ کی موقع پر موجودگی تھی جس کے لیے ایل ڈبلیو ایم سی کا سارا عملہ خصوصی شاباشی کا مستحق ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ افسران کی جانب سے حوصلہ افزائی ان کا عملے کا مورال بلند رکھتی ہے جبکہ چیک اینڈ بیلنس کا عمل اداروں کی کارکردگی کو موثر بناتا ہے۔ اس موقع پر ورکشاپ کا تفصیلی معائنہ کرتے ہوئے صوبائی وزیر نے کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر بابر صاحب دین کو ہدایت کی کہ وہ کوڑے والے ڈرمز کی مضبوطی اور ہر جگہ دستیابی کو یقینی بنائیں صوبائی وزیر نے ڈرموں پر بنائے گئے نقش و نگار اور رنگوں کے استعمال سے متعلق بھی فیڈ بیک دیتے ہوئے گاڑیوں کی مرمت میں مصروف عملہ کی کارکردگی کو سراہا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی بابر صاحب دین نے صوبائی وزیر کو بتایا کہ کمپنی کے تحت 5 ورکشاپس میں 1749 گاڑیوں کی مرمت کا کام تین شفٹس میں کیا جاتا ہے ورکشاپس کمپیوٹرائزیشن سے نہ صرف وقت اور پیسے کی بچت ہوگی بلکہ آئندہ گاڑیوں کے انتخاب اور خریداری میں بھی آسانی ہو گی۔ اس کے ساتھ ساتھ گاڑیوں کی پروکیورمنٹ اور فیسوں کی موبائل ایپلی کیشن کے ذریعے وصولی حکومت کی جانب سے شفافیت کی شرط کو بھی پورا کرے گی۔ بابر صاحب زادہ نے لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی کارکردگی میں بہتری کے لیے موجودہ حکومت کی جانب سے بھرپور تعاون پر تشکر کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب سید محسن نقوی اور وزیر بلدیات کی خصوصی کاوشوں کو سراہا اور مستقبل میں کمپنی کی کارکردگی میں مزید بہتری کی یقین دہانی بھی کروائی۔

بقیہ 34

پاکستان سویٹ ہومز کے سرپرست اعلیٰ زمرد خان، پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنماء ڈاکٹر طارق فضل چوہدری، ساجد عباسی، رہنماء پیپلز پارٹی راجہ عمران اشرف، سید سبط الحیدر بخاری، لطیف گھی ملز کے مینجنگ ڈائریکٹر شیخ عبدالرزاق، سینئر سیاست دان سید ظفر علی شاہ، معروف مذہبی وسماجی شخصیت الحاج محمد نواز گوندل، چیئرمین اثناء عشریہ ٹرسٹ مرکزی امام بارگاہ ملک امجد حسین علوی، اسلام آباد چیمبر آف کامرس کے سابق صدر ظفر بختاوری، خالد چوہدری، ایف پی سی سی آئی کے سابق صدر عبدالرؤف عالم، احمد خان، سید الطاف شاہ، آر آئی یو جے کے جنرل سیکرٹری طارق ورک شریک تھے

بقیہ 35

ریجن سید خرم علی نے ریجنل دفتر میں ذاتی شنوائی کے لیے پولیس اجلاس کا انعقاد کیا۔ اجلاس میں پولیس افسران کو جاری کیے گئے شوکاز نوٹس اور چارج شیٹ پر دیئے گئے جوابات کا بغور جائزہ لیا گیا اور متعلقہ افسران کو ذاتی شنوائی کے لیے ساعت کے لیے طلب کیا گیا۔ شوکاز نوٹس، چارج شیٹ اور انکوائری وسماعت کے دوران الزامات کے متعلق جوابات غیر تسلی بخش ہونے پر آر پی او راولپنڈی نے محکمانہ سزاؤں کے احکامات جاری کر دیئے۔ محکمانہ سزا پانے والوں میں آفتاب احمد انسپکٹر ایس ایچ او جاتلی کو شہریوں کی درخواستوں پر بمطابق ایس او پی بروقت کارروائی نہ کرنے اور جرائم کی روک تھام کے لیے مناسب حکمت عملی نہ اپنانے پر ڈسمس فرام سروس کیا گیا۔

بقیہ 36

خصوصیت کی مدد سے تمام قسم کی کالز کمپیوٹر سسٹم سے ضلع بھر کے پولیس اسٹیشنوں میں منتقل کی جا سکیں گی۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں سی پی او سیف سٹی/ٹریفک نے پولیس کے مواصلاتی نظام کو مزید بہتر بنانے کیلئے نئی خصوصیت متعارف کروائی ہے، جس کی مدد سے پولیس کے درمیان وائرلیس مواصلاتی نظام کو بہتر بنانے کے لیے ٹیٹرا نیٹ ورک پر نیا وائرلیس کالز کو بھیجنے والا نظام نصب کیا ہے جس سے محکمہ پولیس کی کالز اب خود بخود محفوظ ہوا کریں گی اور تمام قسم کی کالز کمپیوٹر سسٹم سے ضلع بھر کے پولیس اسٹیشنوں میں منتقل کی جائیں گی، اس موقع پر سی پی او سیف سٹی/ٹریفک کا کہنا تھا کہ اس جدید خصوصیت کی مدد سے تمام کالز کا ریکارڈ محفوظ رہے گا، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کے تعاون سے وفاقی دارالحکومت کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر تکنیکی وسائل بروئے کار لا رہی ہے، اس ضمن میں شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" یا "آئی سی ٹی-15" ایپ پر فوری اطلاع دیں۔

بقیہ 37

لیے سیاسی جماعتوں سے رابطہ کریں گے، سٹیل مل اور پی آئی اے کی نجکاری نہیں ہونے دینگے۔ جمعرات کو یہاں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے چھ ورکرز کنونشن سے خطاب کیا، کے پی کے میں فقید المثال عوام نے خطاب کیا، کے پی کے کی صوبائی تنظیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، انہوں نے پروگرام کو کامیاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری نے 16 ماہ کی حکومت کی کارکردگی پر بات کی، پنجاب کے جب بھی حکمران اقتدار میں آتے ہیں تو انتقام لیتے ہیں، پیپلز پارٹی کے دور حکومت میں کو سیاسی انتقام نہیں لیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مقابلہ سیاسی جماعتوں سے نہیں بلکہ مہنگائی سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سینئر سیاستدانوں کا احترام کرتے ہیں، اب ملک کی سیاست نوجوانوں حوالے کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف سے سیاست بچوں کے حوالے کرنے کی مخالفت کی گئی، یہی نوجوان سیاسی جماعتوں کو پارلیمنٹ میں لایا جو حلف اٹھانے کی مخالف تھیں۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ ہمیں الیکشن کمیشن پر مکمل اعتماد ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت ایک سیاسی جماعت کے سربراہ کو پروٹوکول دیا جا رہا ہے۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ پی پی پی نے ہمیشہ مارشل لاء کا مقابلہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ میاں صاحب کا بیانیہ ووٹ کو عزت دو کا بیانیہ پاکستان میں آ کر ختم ہو گیا، جو لوگ میاں صاحب اور محترمہ بی بی کی واپسی کا موازنہ کرنے کی باتیں کر رہے تھے لاہور میں سب عیاں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ پی پی اپنے مشور کے مطابق چلے گی، پی پی پی کا ٹارگٹ بلاول بھٹو زرداری کو وزیر اعظم بنانے کا ہے، بلاول بھٹو زرداری کو وزیر اعظم بنانے کے لیے سیاسی جماعتوں سے رابطہ کریں گے۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ پی آئی اے کو سوچے سمجھے منصوبے کے تحت نجکاری میں دیا جا رہا ہے، سٹیل مل اور پی آئی اے کی نجکاری نہیں ہونے دینگے۔ انہوں نے کہا کہ دیگر سیاسی جماعتیں بیساکھیاں ڈھونڈ رہی ہیں، سیاسی جماعتوں کو عوام کے فیصلے ماننے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ پی پی پی کا پی ٹی آئی کے ساتھ سیاسی اتحاد کرنے کا کوئی پروگرام نہیں ہے۔ انہوں نے نکہا کہ پی آئی اے کو خریدنے کے لیے ایک سیاسی جماعت کے لوگ دلچسپی لے رہے ہیں، ہمیشہ ن لیگ نے اداروں کو سیاست میں گھسیٹا ہے۔

بقیہ 38

انسداد پولیو کمیٹی کے اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی کی طرف سے دی گئی بریفنگ میں بتائی گئی، بریفنگ میں ڈپٹی کمشنر کو ویکسینیشن ٹیموں اور سپروائزری افسران کی تعیناتی و تربیت اور دیگر متعلقہ امور کی تفصیلات سے آگاہ کیا گیا، ڈپٹی کمشنر قرآۃ العین ملک نے اس راؤنڈ کیلئے ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی کی طرف سے کئے گئے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اس امر کی ہدایت کی کہ ویکسینیشن پلان کے تحت مقررہ اہداف کے مطابق بچوں کی حفاظتی ویکسینیشن کی تکمیل یقینی بنائی جائے، انہوں نے چکوال وتلہ گنگ میں موجود خانہ بدوش خاندانوں کے بچوں کی حفاظتی ویکسینیشن پوری توجہ سے مکمل کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا، ڈپٹی کمشنر نے عوام الناس خصوصاً بچوں کے والدین کے نام پیغام میں کہا کہ انسداد پولیو کی قومی مہم نونہالان قوم کو صحت مندانہ اور محفوظ مستقبل دینے کی ضمانت ہے

بقیہ 39

کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر اور چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، تھانہ لوہی بھیر پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزم کے قبضے سے لاکھوں روپے مالیت کے تین مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرلیے گئے، گرفتار ملزم کی شناخت محمد اجمل کے نام سے ہوئی ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران ملزم نے موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے، آئی سی سی پی او نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ذمہ داری ہے اس میں کسی قسم کی غفلت ولاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی، تمام پولیس افسران چیکنگ کو مزید موثر بنائیں اور جرائم کی بیخ کنی کے لئے تمام تر ضروری اقدامات بروئے کار لاتے ہوئے جرائم پیشہ مجرمان اور مقدمات میں نامزد ملزمان کے گرد گھیرا تنگ کریں اور انکی گرفتاری کو یقینی بناتے ہوئے مقدمات کو یکسو کریں، آئی سی سی پی او نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس منشیات و شراب فروشی جیسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لائے گی، شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" یا "آئی سی ٹی-15" ایپ پر فوری اطلاع دیں۔

بقیہ 40

نہیں بچ سکتے، قانون شکن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 41

جس کے مہمان خصوصی ڈی ایس پی پنڈدادنخان عامر شاہین تھے انہوں نے نوجوان طبقے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موٹر سائیکل چلاتے وقت ہیلمٹ کا استعمال ضروری کریں اکثر اوقات لوگوں کو دیکھا گیا ہے کہ انہوں نے ہیلمٹ سیف گارڈ کے ساتھ لٹکایا ہوتا ہے جونہی ناکہ پر پولیس کو دیکھتے ہیں ہیلمٹ ڈال لیتے ہیں وہ سراسر اپنے زندگی کے ساتھ زیادتی کر رہے ہوتے ہیں اسی طرح ڈرائیور حضرات ٹریفک پولیس کے اشاروں کی پابندی نہیں کرتے انھیں چاہیے کہ اپنی زندگی سمیت سڑک کے دونوں اطراف پیدل چلنے والوں کی زندگیوں کو بھی مقدم سمجھیں اور ٹریفک رولز کو اپنا کر اپنے بہترین شہری ہونے کا ثبوت دیں بعد ازاں انہوں نے کہا کہ میری تعیناتی پنڈدادنخان میں نئی نئی ہوئی ہے محکمہ پولیس بارے اگر کوئی شکایت ہو یا کام میں بہتری لانے کیلئے تجاویز ہوں میرے آفس کسی وقت۔ بھی ڈیوٹی ٹائم کے دوران ملاقات کی جا سکتی ہے کرائم فائٹر عامر شاہین نے مزید کہا کہ میں جہاں کہیں بھی تعینات رہا علاقے کے مکینوں کا تحفظ میری اولین ترجیحات رہیں منشیات فروشوں سمیت سٹریٹ کرائم راہزنی جسم فروشی کی وارداتوں کی روک تھام کیلئے سپیشل سکواڈ تشکیل دیا جا چکا ہے بلاامتیاز انصاف میرا مشن ہے

بقیہ 42

وملازمین نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور مرحوم کے لیے دعاء مغفرت کی مقدس عباس اپنے کام سے مخلص اور ایمانداری سے ڈیوٹی سرانجام دیتا تھا محکمہ کے لیے مقدس کی خدمات یاد رکھی جائیں گی۔

بقیہ 43

آپریشن، ایم اینڈ ٹی اور سرویلنس ٹیموں کی جانب سے تمام آپریشن سرکلز میں آئیسکو افسران وسٹاف کے گھروں اور کالونیوں کے میٹرز کو چیک کیا گیا اور اس سلسلے میں ڈیٹیکشن ٹیموں کو واضح ہدایات جاری کی گئیں ہیں کہ کوئی بھی قانون سے بالا نہیں ہے اور اگر کوئی بھی آئیسکو افسر یا سٹاف بجلی چوری میں ملوث پایا جائے تو اس کے خلاف بھی بھرپور کارروائی عمل میں لائی جائے۔ اس کے علاوہ آئیسکو کالونیوں میں نصب میٹرز کو ڈی بکس پر شفٹ کرنے کے بھی احکامات دیے گئے ہیں۔

بقیہ 44

کے بارے میں آگاہ کیا گیا تھا، آئی سی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خاں نے شہریوں کی طرف سے ٹیلی فون کالز سنیں اور ان کے مسائل کو تسلی سے سن کر میرٹ اور بروقت ازالے کے لئے متعلقہ سینئر پولیس افسران کو مارک کیں، جن مسائل کا ذکر کیا گیا ان میں شہریوں کے ذاتی نوعیت اور تھانہ جات سے متعلق مسائل شامل تھے، شہریوں نے سوشل میڈیا کے ذریعے آئی سی سی پی او کے اس اقدام کو بھرپور خراج تحسین پیش کرتے ہوئے مزید بہتری کیلئے تجاویز دیں کہ ایسے اقدامات عوام اور پولیس کے درمیان دوستانہ تعلقات اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں

بقیہ 45

ایس پیز نے کہا کہ ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

بقیہ 46

دوفریقین میں خاندانی تنازعہ پر لڑائی جھگڑے کے دوران فائرنگ ہوئی فائرنگ کے نتیجے میں 4 افراد کے زخمی ہونے کی اطلاع ملی ہے، فریق اول کے زخمی افراد میں شعبان اور بجیلہ جبکہ دوسرے فریق کے بشارت اور عمران زخمی ہوئے، فریق اول کی زخمی خاتون بجیلہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو گئی، نعش کو پوسٹ مارٹم جبکہ زخمیوں کو علاج ومعالجہ کے لیے ہسپتال منتقل کیا جا رہا ہے۔ ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے کہا کہ واقعہ میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں کھڑا کیا جائیگا۔

بقیہ 47

ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے، ان احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس ٹیموں نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران سنگین جرائم میں ملوث درجہ اول کے دو مجرمان سمیت کل 10 اشتہاری مجرمان کی گرفتاری عمل میں لائی، آئی سی سی پی او نے کہا کہ اشتہاری اور عدالتی مفروران کے خلاف مہم کو مزید موثر بناتے ہوئے مجرمان کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ذمہ داری ہے اس میں کسی قسم کی غفلت ولاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی، تمام پولیس افسران تلاشی اور جانچ پڑتال کو مزید موثر بنائیں اور جرائم کی بیخ کنی کے لئے تمام تر ضروری اقدامات کرتے ہوئے جرائم پیشہ مجرمان اور مقدمات میں نامزد ملزمان کے گرد گھیرا تنگ کریں اور انکو گرفتار کر کے جلد مقدمات کو یکسو کریں، اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار-15" یا" آئی سی ٹی ایپ-15" پر فوری اطلاع دیں۔

بقیہ 48

انسداد پولیو کمیٹی کے اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی کی طرف سے دی گئی بریفنگ میں بتائی گئی، بریفنگ میں ڈپٹی کمشنر کو ویکسینیشن ٹیموں اور سپروائزری افسران کی تعیناتی و تربیت اور دیگر متعلقہ امور کی تفصیلات سے آگاہ کیا گیا، ڈپٹی کمشنر قرآۃ العین ملک نے اس راؤنڈ کیلئے ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی کی طرف سے کئے گئے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اس امر کی ہدایت کی کہ ویکسینیشن پلان کے تحت مقررہ اہداف کے مطابق بچوں کی حفاظتی ویکسینیشن کی تکمیل یقینی بنائی جائے، انہوں نے چکوال وتلہ گنگ میں موجود خانہ بدوش خاندانوں کے بچوں کی حفاظتی ویکسینیشن پوری توجہ سے مکمل کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا، ڈپٹی کمشنر نے عوام الناس خصوصاً بچوں کے والدین کے نام پیغام میں کہا کہ انسداد پولیو کی قومی مہم نونہالان قوم کو صحت مندانہ اور محفوظ مستقبل دینے کی ضمانت ہے اور اس مہم کی کامیابی کیلئے ہر حفاظتی ویکسینیشن راؤنڈ میں والدین کا تعاون اشد ضروری ہے، انہوں نے اپنے پیغام میں مزید کہا کہ والدین اپنے بچوں کو پولیو جیسے موذی مرض سے محفوظ رکھنے کیلئے کامل احساس ذمہ داری کا مظاہرہ کریں اور پانچ سال تک عمر کے تمام بچوں کو محکمہ صحت کی ٹیموں سے حفاظتی ویکسین کے قطرے ضرور پلوائیں تا کہ وہ عمر بھر کی معذوری سے بچ سکیں، انہوں نے اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایات جاری کیں کہ متعلقہ تحصیلوں میں داخلی و خارجی راستوں پر عوامی آگاہی کیلئے بینرز اپنی نگرانی میں آویزاں کرائے جائیں تا کہ پولیو کے خلاف جہاد کا پیغام مؤثر طریقے سے عام کیا جا سکے، ڈپٹی کمشنر نے بچوں کے والدین کو بھی تاکید کی کہ راؤنڈ کے دوران کسی بھی وجہ سے حفاظتی ویکسین کے قطرے پینے سے رہ جانے والے بچوں کے بارے میں فوری اطلاع مقامی انتظامیہ یا محکمہ صحت کے افسران کو دی جائے تا کہ ان بچوں کی حفاظتی ویکسینیشن کو بلاتاخیر یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 49

کا مقصد الیکشن کو ٹالنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے بھی نگراں حکومت 90 دن میں الیکشن کروانے میں ناکام ہوئی ہے۔ معظم بٹ ایڈووکیٹ نے کہا کہ ملک آئین اور قانون کے مطابق چلے گا ورنہ نہیں چل سکتا۔

بقیہ 50

احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری ہے، مورخہ 19 اکتوبر 2023 کو تھانہ بنی گالہ پولیس کو خاتون کی جانب سے درخواست موصول ہوئی کہ میں موریاں اسلام آباد کی رہائشی ہوں، میرے خاوند کو میرے سسر بنیامین نے فائرنگ کر کے زخمی کر دیا جس سے وہ شدید زخمی ہو کر ہسپتال پہنچ کر فوت ہو گئے، جس پر تھانہ بنی گالہ پولیس نے فوری مقدمہ نمبر 395 مورخہ 19.10.23 درج رجسٹر کر کے تفتیش شروع کر دی، تھانہ بنی گالہ اور ہومی سائیڈ یونٹ پولیس ٹیموں نے جدید تکنیکی اور سائنسی تقاضوں پر تفتیش کرتے ہوئے اس سنگین نوعیت کے وقوعہ میں ملوث ملزم بنیامین کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے

بقیہ 51

گیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران 16 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا، تھانہ آبپارہ پولیس نے ملزم نوئیل مسیح کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 10 لیٹر شراب برآمد کرلی، تھانہ سیکرٹریٹ پولیس نے ملزم ساجد علی کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 1130 گرام چرس برآمد کرلی، جبکہ غیر قانونی طور پر پٹرول وڈیزل فروخت کرنے پر ملزم نعمان کو گرفتار کرلیا

بقیہ 52

کو آزاد جموں وکشمیر کے دورے کی دعوت دی۔ وزیر اعظم کی خصوصی ہدایت پر آزاد جموں وکشمیر میں توانائی، آبی ذخائر، انفراسٹرکچر اور دیگر شعبوں کے دیرینہ مسائل کے حل کیلئے وزیر اعظم آزاد جموں وکشمیر نے وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ کا شکریہ ادا کیا۔ ملاقات میں وزیر اعظم پاکستان نے مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کے لیے پاکستان کے اصولی موقف کا اعادہ کیا۔ وزیر اعظم نے بتایا کہ پاکستان اپنے کشمیری بہن بھائیوں کے حق خود ارادیت کے حصول تک ان کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اقوام متحدہ کے سکیورٹی کونسل کی قراردادوں کے تحت کشمیریوں کی امنگوں کے مطابق مسئلہ کشمیر کے حل تک پاکستان کشمیریوں کے شانہ بہ شانہ رہے گا۔ ملاقات میں چیف سیکرٹری آزاد جموں وکشمیر داؤد محمد بارچ بھی موجود تھے۔

بقیہ 53

باعث وزارت ہوابازی کی ویب سائٹ ایک بار پھر غیر فعال ہوگئی اور ویب سائٹ سے اہم معلومات غائب ہوگئیں۔ وزارت ہوابازی کی ویب سائٹ دن میں بحال ہوئی تھی تاہم ہیکرز نے ایک بار پھر وزارت ہوابازی کی ویب سائٹ ہیک کرلی۔ یاد رہے 21 نومبر کو پہلی بار وزارت ہوابازی کی ویب سائٹ پر سائبر اٹیک حملہ ہوا تھا جس کے بعد ویب سائٹ پر غیر ملکی زبان میں پیغام آ رہا تھا۔ وزارت ہوابازی کے حکام کا اس حوالے سے کہنا تھا کہ آئی ٹی کے ماہرین نے ویب سائٹ کی بحالی کا کام شروع کردیا ہے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل بھی کئی وفاقی اداروں کی ویب سائٹ کو ہیکرز کی جانب سے نشانہ بناتے ہوئے ہیک کیا جا چکا ہے۔ کچھ سالوں قبل بھارتی ہیکرز کی جانب سے وزارت دفاع، کابینہ ڈویژن، وزارت اطلاعات اور وزارت مواصلات سمیت متعدد وزارتوں کی ویب سائٹس کو ہیک کرنے کا واقعہ بھی پیش آیا تھا۔

بقیہ 54

پی او صدر زون نوشیروان علی نے تھانہ رمنا میں درج مقدمہ نمبری 830/23 میں اغواء شدہ لڑکی کو باحفاظت بازیاب کروانے پر ایس ڈی پی او رمنا، ایس ایچ او رمنا معہ پولیس ٹیم کو تعریفی اسناد سے نوازا، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، جرائم پیشہ عناصر کیخلاف جاری کریک ڈاؤن کو مزید تیز اور موثر بنایا جائے، اچھی کارکردگی دکھانے والے پولیس افسران و جوانوں کی حوصلہ افزائی کی جائے گی اور فرائض منصبی میں کوتاہی و لاپرواہی دکھانے والے افسران و اہلکاروں کیخلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 55

کی جیبیں بھی خالی کرالیں۔ باجاری پندرہ رکنی گروہ کے ساتھ ڈکیتیاں مارتا، وارداتوں کی سی سی ٹی وی فوٹیج سے راز کھلا۔ ٹرینی ڈی ایس پی کو عدالت میں پروٹوکول میں لایا گیا، باجاری بکتر بند گاڑی میں آگے بیٹھا اور ہتھکڑی بھی نہیں لگائی گئی۔ اورنگی ٹاؤن واقعے کے بعد باجاری کے مزید کارنامے بھی سامنے آئے۔ عمیر باجاری گروپ نے 18 اکتوبر کو چھوٹا بخاری میں جوس سینٹر لوٹا۔ کیش اور دو لاکھ کے سگریٹ ساتھ لے گئے۔ دکان مالک عبدالرشید نے شکایت کی تو ڈی آئی جی ساؤتھ نے ایس پی کلفٹن کے پاس بھیجا ایس پی صاحب نے ڈی ایس پی عمیر طارق باجاری کے پاس بھیج دیا۔ عمیر باجاری نے کہا کہ تیس ہزار کا مال اور پچاس ہزار کیش لو، معاملہ ختم کرو، دکان مالک نے مجبوری میں ہاں کردی۔

بقیہ 56

ملزمان کی شناخت سردار ارشد اور محسن کے نام سے ہوئی، متاثرہ خاتون کا میڈیکل پراسس کروایا گیا ہے، ملزمان کے ساتھی/ساتھیوں کو بھی گرفتار کیا جائے گا۔ ایس پی راول فیصل سلیم نے کہا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، خواتین سے زیادتی ناقابل برداشت ہے۔

بقیہ 57

ہم نے کمیٹی بنا دی ہے جو جتنی جلدی ہو سکے اپنی تجاویز کابینہ کو دے گی۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ سرکاری ملازمین کو بھی لیز پر موٹر بائیکس دی جائیں تا کہ وہ بھی موٹر سائیکلوں پر آئیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ اگر 29 نومبر کو لاہور میں بادل آئے اور وہ مصنوعی بارش کے لیے سازگار ہوئے تو ہم کوشش کریں گے کے مصنوعی بارش کریں مگر اس کے لیے ابھی ہم بہت پیچھے ہیں، ہمیں بہت محنت کرنی پڑے گی۔ اس کے لیے ایک مخصوص قسم کا بادل چاہیے جس کے بعد یہ بارش ہو سکتی ہے، ہم نے اس کے اوپر بھی تیاری شروع کردی ہے اور ہم اس لیے کوشش کریں گے،

بقیہ 58

بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی کے ڈائریکٹرز اور ڈپٹی ڈائریکٹرز کے شناختی کارڈز بلاک کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے ڈائریکٹرز اور ڈپٹی ڈائریکٹرز ضلع شرقی اور وسطی کے شناختی کارڈز نمبر بھی نوٹ کرلیے، جسٹس ندیم اختر نے کہا کہ غیر قانونی تعمیرات مسمار کرنے اور عدالتی احکامات پر عملدرآمد کرنے تک ایس بی سی اے افسران کے شناختی کارڈز بلاک رہیں گے۔ جسٹس ندیم اختر نے ریمارکس دیئے کہ شہر بھر غیر قانونی تعمیرات میں سب سے بڑا ہاتھ ایس بی سی اے کا ہے، بار بار احکامات اور تنبیہ کے باوجود ایس بی سی اے افسران ٹس سے مس نہیں ہوتے، رہائشی علاقوں میں تجارتی سرگرمیوں کے خلاف بھی کارروائی کا حکم دیا تھا۔

بقیہ 59

اور واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ بھی برآمد، ملزم سے تفتیش کے دوران کلر سیداں کے علاقہ سے چوری کیا گیا ایک موٹر سائیکل بھی برآمد ہوا۔ ملزم کی جلد گرفتاری اور مکمل برآمدگی پر ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے ایس ایچ او کلر سیداں اور پولیس ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 60

اور نگراں وفاقی حکومت نے مونس الٰہی سے متعلق تمام ڈیٹا مانگا تھا جو نگراں پنجاب حکومت نے ایف آئی اے کے حوالے کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق مونس الٰہی کی پراپرٹیز کو منجمد اور ان کے بینک اکاؤنٹس کو فریز کر دیا گیا ہے، مونس الٰہی نے اپنے مختلف بینک اکاؤنٹس سے 48 کروڑ روپے نکلوائے اور یہ رقم منی لانڈرنگ میں استعمال ہوئی تھی۔ یاد رہے کہ ماضی میں مطلوب مجرموں کی پاکستان حوالگی کی مثالیں موجود ہیں۔

پنجاب حکومت کی اولین ترجیح شفافیت ہے، عامر میر

انتظامی اداروں کی ڈیجیٹلائزیشن کرپشن میں کمی اور کارکردگی میں بہتری کا سبب بن رہی ہے

کوشش ہے تمام سرکاری محکمے جواب تک مینوئل سسٹم کے تحت کام کررہے ہیں ڈیجیٹلائز کی طرف آئیں' وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (این این آئی)وزیر اطلاعات و بلدیات عامر میر نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت کی اولین ترجیح شفافیت ہے، انتظامی اداروں کی ڈیجیٹلائزیشن کرپشن میں کمی اور کارکردگی میں بہتری کا سبب بن رہی ہے،کوشش ہے کہ وہ تمام سرکاری محکمے جواب تک مینوئل سسٹم کے تحت کام کررہے ہیں ڈیجیٹلائز کی طرف آئیں، لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی ڈیجیٹلائزیشن کا مقصد بھی بلدیہ کے نظام کو شفاف بنانا ہے، کمپنی کے تحت ورکشاپس کی کمپیوٹرائزیشن کوڑا اٹھانے والی پیچیدہ مشینری کی مرمت اور خریداری کے اخراجات میں کمی کو یقینی بنائے گی جبکہ موبائل ایپلی کیشن کے ذریعے فیسوں کی وصولی ریونیو میں اضافے کا سبب بنے گی۔ان خیالات کا اظہار عامر میر نے آؤٹ(بقیہ نمبر 33)

سالانہ تاجدار ختم نبوت کانفرنس ومیلاد مصطفیٰؐ کا انعقاد

دربار عالیہ بلاوڑہ شریف صاحبزادہ حق خطیب حسین علی بادشاہ سرکار نے خصوصی دعا کروائی

اسلام آباد(این این آئی) سی ڈی اے مزدور یونین (سی بی اے) چوہدری محمد یٰسین گروپ کے زیر اہتمام سالانہ تاجدار ختم نبوت کانفرنس ومحفل میلاد زیر صدارت صاحبزادہ حق خطیب حسین علی بادشاہ سرکار سجادہ نشین دربار عالیہ بلاوڑہ شریف سی ڈی اے چیئرمین آفس کمپلیکس سیکٹر G-7/4 اسلام آباد میں منعقد ہوئی، کانفرنس میں(بقیہ نمبر 34)

نگران وزیراعظم انوار الحق اپنے NEOC کے دورے کے موقع پر اپنے تاثرات دے رہے ہیں

لاپرواہی کے مرتکب پولیس افسران کے سزاؤں کے احکامات جاری

اجلاس میں پولیس افسران کو جاری کیے گئے شوکاز نوٹس اور چارج شیٹ پر دیئے گئے

راولپنڈی(این این آئی) ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی ریجن سید خرم علی نے محکمانہ امور میں غفلت لاپرواہی کے مرتکب پولیس افسران کو ذاتی شنوائی وانکوائری کے بعد سزاؤں کے احکامات جاری کر دیئے۔تفصیلات کے مطابق ریجنل پولیس آفیسر راولپنڈی(بقیہ نمبر 35)

محکمہ پولیس کی کالز اب خود بخود محفوظ ہوا کریں گی

اسلام آباد پولیس سیف سٹی ٹیلی کمیونیکیشن ونگ کے مواصلاتی نظام میں جدید نظام کا اضافہ

اسلام آباد(این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس سیف سٹی ٹیلی کیمونیکیشن ونگ کے مواصلاتی نظام میں جدید نظام کا اضافہ، پولیس کے درمیان وائرلیس مواصلاتی نظام کو مزید محفوظ اور یقینی بنانے کے لیے سیف سٹی نے ٹیٹرا نیٹ ورک پر نیا وائرلیس کالز کو بھیجنے والا نظام نصب کیا ہے جس سے محکمہ پولیس کی کالز اب خود بخود محفوظ ہوں گی، متعارف کردہ (بقیہ نمبر 36)

بلڈر کے 5 کروڑ روپے لوٹنے میں تین ملازم ہی ملزمان کے سہولت کار نکلے

حیدرآباد(این این آئی) حیدرآباد میں بلڈر کے 5 کروڑ روپے لوٹنے میں اس کے تین ملازم ہی ملزمان کے سہولت کار نکلے۔ سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (ایس ایس پی) حیدرآباد نے دعویٰ کیا ہے کہ ایف آئی اے اہلکار ظاہر کرکے رقم لوٹنے والے دونوں ملزمان کا سراغ لگالیا گیا ہے، ان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جارہے ہیں۔ بلڈر اشوک کمار کے 5 کروڑ روپے لوٹنے کا واقعہ منگل کے روز قاسم آباد کے قریب پیش آیا تھا۔ ایس ایس پی حیدرآباد امجد شیخ کے مطابق پانچ کروڑ روپے کی ڈکیتی میں بلڈر اشوک کمار کے ڈرائیور سمیت تین ملازمین ملزمان کے سہولت کار نکلے۔

100 سے زائد ملزمان کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا خارج

راولپنڈی(این این آئی) راولپنڈی کی انسدادِ دہشت گردی کی عدالت نے 9 مئی کے واقعات کے خلاف درج مقدمات میں نامزد 100 سے زائد ملزمان کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا خارج کر دی۔ عدالت میں نو مئی کے واقعات کے خلاف درج مقدمات میں نامزد ملزمان سے دوبارہ تفتیش کا معاملے پر سماعت ہوئی۔ پولیس نے 9 مئی کے 19 مقدمات میں 100 سے زائد نامزد ملزمان کو عدالت میں پیش کیا۔ پولیس کی جانب سے عدالت میں ملزمان کے دو روز کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی گئی۔ عدالت نے کہا کہ تمام ملزمان ضمانت پر رہا ہو چکے ہیں تو اب کیسی تفتیش کرنی ہے؟ اس کے ساتھ ہی عدالت نے جسمانی ریمانڈ کی استدعا خارج کردی۔

مختلف سکولوں کی جانب سے آرٹس کونسل میں لگائی جانے والی ایجوکیشن ایکسپو میں مہمان خصوصی صدر چیمبر آف کامرس ثاقب رفیق مختلف سال کا وزٹ کر رہے ہیں

سٹیل مل اور پی آئی اے کی نجکاری نہیں ہونے دینگے' پیپلز پارٹی

پنجاب حکومت ایک سیاسی جماعت کے سربراہ کو پروٹوکول دیا جارہا ہے، سیکرٹری اطلاعات پیپلز پارٹی فیصل کریم کنڈی

ہمارا مقابلہ سیاسی جماعتوں سے نہیں، مہنگائی سے ہے، ہم سینئر سیاستدانوں کا احترام کرتے ہیں، اب ملک کی سیاست نوجوانوں حوالے کی جائے

ہمیں الیکشن کمیشن پر مکمل اعتماد ہے، بلاول بھٹو زرداری کو وزیر اعظم بنانے کے لیے سیاسی جماعتوں سے رابطہ کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سیکرٹری اطلاعات فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ پنجاب حکومت ایک سیاسی جماعت کے سربراہ کو پروٹوکول دیا جارہا ہے، ہمارا مقابلہ سیاسی جماعتوں سے نہیں ،مہنگائی سے ہے ،ہم سینئر سیاستدانوں کا احترام کرتے ہیں،اب ملک کی سیاست نوجوانوں حوالے کی جائے ،ہمیں الیکشن کمیشن پر مکمل اعتماد ہے، بلاول بھٹو زرداری کو وزیر اعظم بنانے کے (بقیہ نمبر 37)

ملازمین وکرایہ داروں کی رجسٹریشن کیلئے ”ناک دی ڈور“ مہم جاری

تھانہ بہارہ کہو کی حدود میں 291 گھروں کے 139 گھریلو ملازمین کے کوائف اندراج مکمل

اسلام آباد(این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر کے خصوصی احکامات پر گھر گھر جاکر ملازمین و کرایہ داروں کی رجسٹریشن کیلئے ”ناک دی ڈور“ مہم کا سلسلہ جاری ہے، تھانہ بہارہ کہو کی حدود میں 291 گھروں کے 139 گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج مکمل کیا گیا۔تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے اہم اقدام اٹھاتے ہوئے گھر گھر جاکر (بقیہ نمبر 38)

موٹر سائیکل چوری میں ملوث گروہ کا اہم رکن گرفتار

ملزم کے قبضے سے لاکھوں روپے مالیت کے تین مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرلئے

اسلام آباد(این این آئی)اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ لوہی بھیر پولیس نے موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کرلیا، ملزم کے قبضے سے لاکھوں روپے مالیت کے تین مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرلئے گئے۔تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکا مات (بقیہ نمبر 39)

گنجمنڈی پولیس کی کارروائی، آتش بازی کا سامان لے کر جانیوالے 2 ملزمان گرفتار

راولپنڈی(این این آئی) گنجمنڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے آتش بازی کا سامان لے کر جانے والے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا،ملزمان کے قبضہ سے سامان آتش بازی برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے آتش بازی کا سامان لے کر جانے والے 2 ملزمان نعمان اور حسنین کو گرفتار کر لیا،ملزمان سے سامان آتش بازی برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ایس پی راول فیصل سلیم نے کہا کہ آتش بازی کے ذریعے شہریوں کی جانیں خطرے میں ڈالنے والے قانون کی گرفت سے (بقیہ نمبر 40)

MULTI PROFESSIONALS COOPERATIVE HOUSING SOCIETY

سرمایہ کاری کا سنہری موقع

ملٹی پروفیشنلز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کے پراجیکٹ

ملٹی ریذیڈینشیا و آرچرڈز فارم ہاؤسنگ سکیم

میں 5 کنال فارم ہاؤس پلاٹس کی محدود بکنگ جاری ہے

Sr. No.	DESCRIPTION	AMOUNT
1	Cost of Plot	Rs. 19,500,000/-
2	Membership Fee/Share Money	Rs. 20,000/-
3	Total Cost of Plot	Rs. 19,520,000/-
4	Down Payment	Rs. 5,020,000/-
5	Quarterly Installment	Rs. 875,000/-

GET 20% DISCOUNT ON LUMPSUMP PAYMENT

Payment will be received in shape of Pay Order/Demand Draft in favour of
MULTI PROFESSIONALS COOPERATIVE HOUSING SOCIETY - NTN # 2140070-9
Govt. Tax of 3% Filer & 10.5% for Non-Filer respectively would be applicable.

deen associates
Real Estate | Developers | Marketing

DEEN ASSOCIATES
Authorized Sales Partner - MPCHS

Office # 17, First Floor, Allahdaad Plaza G-8 Markaz, Islamabad.
Ph: 051-2340061 | www.thedeenassociates.com
Mob: 0333-5758882 - Ali Raza

سیکرٹری ٹرانسپورٹ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی الیکٹرک موٹر سائیکلز کا جائزہ لے رہے ہیں

موٹر سائیکل سوار ہیلمٹ پہننا یقینی بنائیں، عامر شاہین گوندل

گاڑی یا موٹر سائیکل چلا لینا کوئی مشکل کام نہیں اصل مقصد ہے ڈرائیونگ قوانین کی پاسداری ہے

پنڈدادنخان (سرفراز عباس سے) تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز پولیس ڈرائیونگ ٹریننگ سکول سے فارغ التحصیل 74 طلباء جنہوں نے 8 اگست 2023 سے 5 نومبر 2023 تک ڈرائیونگ کی باقاعدہ ٹریننگ حاصل کی 23 نومبر کو کامیاب طلبا میں اسناد کی تقسیم کے حوالے سے حویلی میرج ہال میں ایک تقریب منعقد کی گئی (بقیہ نمبر 41)

ڈی پی او چکوال کی ہیڈ کانسٹیبل مقدس عباس شہید کے نماز جنازہ میں شرکت

شہید کی قبر پر پولیس کے دستے نے سلامی پیش کی، لواحقین سے اظہار تعزیت

چکوال (خاور شہزاد) ڈی پی او چکوال نے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور شہید کی بچی سے بھی ملے اور بچی کے سر پر دستِ شفقت رکھا.ڈی پی او چکوال نے کہا کہ مقدس عباس کی فیملی کی دیکھ بھال اور انکی ویلفیئر اب چکوال پولیس کی ذمہ داری ہے جو بخوبی نبھائی جائے گی۔مقدس عباس کے نمازِ جنازہ میں چکوال پولیس کے افسران (بقیہ نمبر 42)

وزیر اطلاعات وبلدیات پنجاب عامر میر کو لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے تحت فیسوں کی وصولی کے لئے لانچ موبائل ایپلی کیشن کے بارے بریف کیا جارہا ہے

بجلی چوروں کے خلاف کاروائیوں کا سلسلہ بلاتفریق جاری ہے

آئیسکو افسران وسٹاف کے بجلی کے میٹرز کسی بھی دباؤ کے بغیر چیک کیے جائیں

بجلی چوری اور سہولت کاری پر محکمانہ کاروائی عمل میں لائی جائے، چیف ایگزیکٹو آفیسر آئیسکو

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) بجلی چوری کے ناسور کے خاتمے کیلئے اسلام آباد، راولپنڈی، جہلم، اٹک اور چکوال سرکلز میں پولیس اور ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے بلاتفریق کاروائیوں کا سلسلہ جاری ہے اور جاری کاروائیوں کے دوران اب تک ریجن بھر میں 4640 بجلی چوروں کو 26 کروڑ 20 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کرنے کے علاوہ متعلقہ صارفین کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لاتے ہوئے 585 ایف آئی آر کا اندراج کرایا گیا اور 481 بجلی چوروں کو پولیس نے گرفتار کیا۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر آئیسکو ڈاکٹر محمد امجد خان کی خصوصی ہدایات پر چیف انجینئر آپریشن آئیسکو محمد اسلم خان کی براہ راست نگرانی میں (بقیہ نمبر 43)

آئی سی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کی آن لائن کھلی کچہری

شہریوں کے بذریعہ ٹیلی فون مسائل سن حل کیلئے افسران کو احکامات جاری کئے

اسلام آباد(این این آئی) آئی سی سی پی او ڈاکٹر اکبر ناصر خاں نے آن لائن کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سنے اور فوری حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کئے۔تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں نے جمعرات کے روز دن 03:30 بجے تا 05:30 بجے تک اپنے دفتر میں بذریعہ ٹیلی فون کھلی کچہری کا انعقاد کیا جس میں شہریوں کو ٹیلی فون نمبر فراہم کیا گیا، آئی سی سی پی او نے شہریوں کے مسائل خود سنے، شہریوں کو گزشتہ چار روز لگاتار سوشل میڈیا کے ذریعے اس کھلی کچہری کے انعقاد (بقیہ نمبر 44)

نگراں وفاقی وزیر داخلہ سرفراز احمد بگٹی وزیر اعظم آزاد جموں وکشمیر چوہدری انوار الحق سے ملاقات کر رہے ہیں

راولپنڈی، شراب بیچنے ،ناجائز اسلحہ رکھنے پر 4 ملزمان گرفتار

قبضہ سے شراب اور اسلحہ وایمونیشن برآمد کر کے مقدمات درج

راولپنڈی(این این آئی) راولپنڈی پولیس نے شراب سپلائرز اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان کے قبضہ سے شراب اور اسلحہ وایمونیشن برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔تفصیلات کے مطابق کہوٹہ پولیس نے ملزم مبین سے 20 بوتل شراب، ملزم شاہد سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، نیوٹاؤن پولیس نے ملزم سنیل سے 7 لیٹر شراب، بنی پولیس نے ملزم یوسف سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے۔ڈویژنل(بقیہ نمبر 45)

ٹریفک پولیس کی نااہلی گنج منڈی روڈ پر دن کے اوقات میں بدترین ٹریفک جام کا منظر

فائرنگ واقعہ، سی پی او کا نوٹس ،ملوث ملزمان کی گرفتاری کا حکم

واقعہ میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں کھڑا کیا جائیگا

راولپنڈی (این این آئی) چونترہ کے علاقے میں خاندانی تنازعہ پر فائرنگ کے واقعہ پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے نوٹس لیتے ہوئے ایس پی صدر کو واقعہ میں ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیا۔تفصیلات کے مطابق چونترہ کے علاقہ میں خاندانی تنازعہ پر فائرنگ کے واقعہ پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے نوٹس لیتے ہوئے ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کو واقعہ میں ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیا، ابتدائی معلومات کے مطابق(بقیہ نمبر 46)

قتل و دیگر سنگین جرائم میں ملوث 10 اشتہاری گرفتار

سنگین جرائم میں ملوث درجہ اول کے دو مجرمان سمیت کل 10 اشتہاری مجرمان کو گرفتار کرلیا

اسلام آباد(این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا قتل و دیگر سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاون جاری ہے، پولیس ٹیموں نے سنگین جرائم میں ملوث درجہ اول کے دو مجرمان سمیت کل 10 اشتہاری مجرمان کو گرفتار کرلیا۔تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آ فیسر ڈاکٹر اکبر(بقیہ نمبر 47)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ
راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین
فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

ضلع چکوال میں انسداد پولیو مہم 27 نومبر سے شروع ہو گی

پانچ سال تک عمر کے 2لاکھ 50ہزار سے زائد بچوں کو پولیو کے خلاف حفاظتی ویکسین کے قطرے پلائے جائیں گے

ویکسی نیشن پلان کے تحت مقررہ اہداف کے مطابق بچوں کی حفاظتی ویکسی نیشن کی تکمیل یقینی بنائی جائے، ڈپٹی کمشنر قرۃ العین ملک

چکوال (خاور شہزاد) انسدادِ پولیو کی قومی مہم کے تحت ضلع چکوال وتلہ گنگ میں 27 نومبر سے شروع ہونے والے ویکسی نیشن راؤنڈ کیلئے انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں، یہ راؤنڈ یکم دسمبر تک جاری رہے گا جس دوران پانچ سال تک عمر کے 2لاکھ 50ہزار سے زائد بچوں کو پولیو کے خلاف حفاظتی ویکسین کے قطرے پلائے جائیں گے، یہ بات ڈپٹی کمشنر قرۃ العین ملک کی زیر صدارت منعقدہ ضلعی (بقیہ نمبر 48)

اسلام آباد: نگراں وفاقی وزیر برائے آئی ٹی اینڈ ٹیلی کمیونیکیشن ڈاکٹر عمر سیف آئی ٹی ایکسپورٹ سٹریٹیجی کی تقریب رونمائی کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کے انصاف لائرز فورم نے عدالتی نگرانی میں الیکشن کا مطالبہ کردیا

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے انصاف لائرز فورم نے عدالتی نگرانی میں الیکشن کا مطالبہ کردیا۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے پی ٹی آئی رہنما معظم بٹ ایڈووکیٹ نے کہا کہ صدر مملکت اور الیکشن کمیشن کو عدالتی حکم پر 8 فروری کو انتخابات کروانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور الیکشن کمیشن پر اعتبار نہیں کیا جاسکتا، پی ٹی آئی کو 20 دن میں انٹرا پارٹی الیکشن کروانے(بقیہ نمبر 49)

اسلام آباد، اپنے حقیقی بیٹے کے قتل میں ملوث ملزم گرفتار

جرائم اور تشدد پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس بلاتفریق کارروائیاں عمل میں لا رہی ہے

اسلام آباد(این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ بنی گالہ اور ہومی سائیڈ یونٹ پولیس ٹیموں نے کارروائی کرتے ہوئے اپنے حقیقی بیٹے کے قتل میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا۔تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی(بقیہ نمبر 50)

اسلام آباد،16 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا گیا

قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات اور غیر قانونی اسلحہ برآمد

اسلام آباد(این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 24 گھنٹوں کے دوران 16 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا، ملزمان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں شراب، منشیات اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کرلیا(بقیہ نمبر 51)

احتجاج اور توڑ پھوڑ کیسز میں درخواست ضمانت پر بھی سماعت ملتوی

راولپنڈی (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت میں احتجاج اور توڑ پھوڑ کیسز میں درخواست ضمانت پر بھی سماعت ملتوی کر دی۔ جمعرات کو شاہ محمود قریشی کے وکیل علی بخاری بھی عدالت پیش ہوئے اور کہا کہ ہماری دو درخواستیں ہیں، پہلے احکامات بھی ہو چکے ہیں ۔علی بخاری نے کہا کہ شریک ملزمان کی پہلے ہی ضمانت کنفرم ہو چکی ہیں ۔انہوں نے کہا کہ ہماری وجہ سے کوئی تاخیر نہیں ہے، پراسیکیوشن کی وجہ سے ہم بھی برداشت کر رہے ہیں۔

مسئلہ کشمیر کے حل تک پاکستان کشمیریوں کے شانہ بشانہ رہے گا

پاکستان اپنے کشمیری بہن بھائیوں کے حق خودارادیت کے حصول تک ان کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا، وزیراعظم

کوئٹہ: نگران صوبائی وزیر داخلہ کیپٹن (ر) محمد زبیر جمالی کو آئی جی پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ پاسنگ آؤٹ پریڈ کے موقع پر سوونیئر پیش کر رہے ہیں

اسلام آباد(این این آئی) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ پاکستان اپنے کشمیری بہن بھائیوں کے حق خودارادیت کے حصول تک ان کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا، اقوام متحدہ کے سیکیورٹی کونسل کی قراردادوں کے تحت کشمیریوں کی امنگوں کے مطابق مسئلہ کشمیر کے حل تک پاکستان کشمیریوں کے شانہ بہ شانہ رہے گا۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا سیل سے جاری اعلامیہ کے مطابق نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ سے وزیرِ اعظم آزاد جموں وکشمیر چوہدری انوار الحق نے ملاقات کی جس میں وزیراعظم آزاد جموں وکشمیر نے وزیراعظم پاکستان(بقیہ نمبر 52)

وزارت ہوابازی کی ویب سائٹ پر تیسرا سائبر حملہ ہوا ہے

ہیکرز نے ایک بار پھر وزارت ہوابازی کی ویب سائٹ ہیک کرلی

کراچی (این این آئی) ہیکرز نے ایک بار پھر وزارت ہوابازی کی ویب سائٹ ہیک کرلی، جس کے بعد ویب سائٹ سے اہم معلومات غائب ہوگئی ہیں۔تفصیلات کے مطابق وزارت ہوابازی کی ویب سائٹ پر تیسرا سائبر حملہ ہوا ہے ، جس کے (بقیہ نمبر 53)

سندھ پولیس کا افسر ڈکیت گروپ کا سرغنہ نکلا

ٹرینی ڈی ایس اپی عمیر باجاری کے کارناموں نے محکمے کو بھی حیران کردیا

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے اورنگی ٹاؤن میں دو کروڑ کی ڈکیتی میں ملوث ڈی ایس پی اہلکاروں کے مزید کارنامے سامنے آگئے۔تفصیلات کے مطابق سندھ پولیس کا افسر ڈکیت گروپ کا سرغنہ نکلا، ٹرینی ڈی ایس اپی عمیر باجاری کے کارناموں نے محکمے کو بھی حیران کردیا، شہری کے گھر سے دو کروڑ روپے، اسی تولہ سونا لوٹا، بچوں(بقیہ نمبر 55)

ڈی پی او کی لڑکی کو بازیاب کرانے پر ایس ڈی پی او صدر، ٹیم کی تعریف

اسلام آباد(این این آئی) ڈی پی او صدر زون نے ایس ڈی پی او صدر زون معہ پولیس ٹیم کو تھانہ رمنا کے علاقہ سے اغواء ہونے والی لڑکی کو باحفاظت بازیاب کروانے پر تعریفی اسناد سے نوازا۔تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے،اس سلسلے میں ڈی (بقیہ نمبر 54)

ٹک ٹاک پر دوستی کر کے خاتون سے زیادتی کرنیوالے دو ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ٹک ٹاک پر دوستی کر کے خاتون سے زیادتی کرنے والے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا۔تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے متاثرہ خاتون نے درخواست دی کہ اُس کی دوستی ٹک ٹاک پر سردار نامی شخص سے ہوئی جس نے اُس کو بلا کر ساتھیوں کے ساتھ زیادتی کی،واقعہ اطلاع پر وارث خان پولیس نے فوری مقدمہ درج کرتے ہوئے دو ملزمان کو گرفتار کر لیا، (بقیہ نمبر 56)

پاکستان میں روسی فیڈریشن کی سفیر ایچ ای ڈینیلا گانچ نے نگراں وزیراعظم انوار الحق کاکڑ سے ملاقات کی

6 ڈویژن میں جمعے ہفتے کو تمام تعلیمی ادارے بند رکھنے کا فیصلہ

جمعے، ہفتے کو مارکیٹیں، ریسٹورنٹ 3 بجے کھولنے، اتوار کو بند رکھنے کا فیصلہ کیا ہے'محسن نقوی

اسموگ پر قابو پانے کے لیے 10 ہزار طلبہ کو سبسڈی، سرکاری ملازمین کو لیز پر موٹر بائیکس دی جائیں گیا

لاہور (این این آئی) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے صوبے میں اسموگ پر قابو پانے کی کوششوں کے سلسلے میں اہم اقدامات کا اعلان کرتے ہوئے 6 ڈویژن میں تمام تعلیمی ادارے جمعے اور ہفتے کو بند رکھنے کا اعلان کردیا۔لاہور میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ ہمارے سارے فیصلے لاہور، گجرانوالہ، فیصل آباد، ملتان، ساہیوال اور سرگودہ ڈویژن کے لیے ہیں کیونکہ ان چھ ڈویژن میں اسموگ کا اثر بہت برا آرہا ہے۔انہوں نے بتایا کہ 6 ڈویژن میں جمعے، ہفتے کو تمام تعلیمی ادارے بند رہیں گے، ایک اور چیز جو ہم کرنے جارہے ہیں جس کا طویل مدتی اثر ہے گا وہ 10 ہزار طلبہ کو سبسڈی پر موٹر بائکس دیں گے، اس کے لیے (بقیہ نمبر 57)

کلر سیداں پولیس کی کارروائی،شہری سے گن پوائنٹ رقم چھیننے والا ڈاکو گرفتار

راولپنڈی(این این آئی) کلر سیداں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 5 روز قبل شہری سے گن پوائنٹ رقم چھیننے والے ڈاکو کو گرفتار کرلیا،ملزمان کے قبضہ سے شہری سے چھینی گئی مکمل رقم 4لاکھ 5ہزار روپے، موبائل فون اور واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد کرلیا گیا۔تفصیلات کے مطابق کلر سیداں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 5 روز قبل شہری سے گن پوائنٹ رقم چھیننے والے ڈاکو کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزم کی شناخت تیمور کے نام سے ہوئی، ملزم سے شہری سے چھینی گئی مکمل رقم 4لاکھ 5 ہزار روپے ،موبائل فون (بقیہ نمبر 59)

ایس بی سی افسران کے شناختی کارڈز بلاک کرنے کا حکم

شہر بھر غیر قانونی تعمیرات میں سب سے بڑا ہاتھ ایس بی سی اے کا ہے، جسٹس ندیم اختر

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے غیر قانونی تعمیرات کیس میں عدالتی حکم پر عمل نہ کرنے والے ایس بی سی اے افسران کے شناختی کارڈز بلاک کرنے کا حکم دے دیا۔جمعرات کو سندھ ہائی کورٹ میں کراچی میں غیر قانونی تعمیرات کے خلاف آپریشن سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی، عدالت نے احکامات پر عملدرآمد نہ کرنے والے سندھ(بقیہ نمبر 58)

مری روڈ کی خوبصورتی کی غرض سے انتظامیہ کے اہلکار لیاقت باغ کے نزدیک ماڈل تیار کر رہے ہیں

مونس الٰہی کو وطن واپس لانے کیلئے انٹرپول سے رابطہ

گرفتاری کے لیے ریڈ نوٹس جاری کرانے کا عمل شروع ہو گیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما مونس الٰہی کو وطن واپس لانے کیلئے قانونی عمل کا آغاز کر دیا گیا۔وفاقی حکومت کے ذرائع کے مطابق مونس الٰہی کو واپس لانے کے لیے نگراں وفاقی حکومت کا انٹرپول سے رابطہ ہوا ہے اور اس حوالے سے ایف آئی اے نے انٹرپول حکام سے رابطے کیے ہیں۔ذرائع وفاقی حکومت کے مطابق مونس الٰہی کے خلاف تمام مقدمات کی تفصیل انٹرپول حکام سے شیئر کی گئی ہیں اور گرفتاری کے لیے ریڈ نوٹس جاری کرانے کا عمل شروع ہو گیا ہے۔ذرائع کے مطابق ایف آئی اے(بقیہ نمبر 60)

نیوٹاؤن پولیس کی کارروائی، تاش پر جواء کھیلنے والے 8 ملزمان گرفتار

راولپنڈی(این این آئی) نیوٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تاش پر جواء کھیلنے والے 8 ملزمان کو گرفتار کرلیا،ملزمان کے قبضہ سے داؤ پر لگی رقم 16ہزار 950روپے، 6 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد کرلئے گئے۔تفصیلات کے مطابق نیوٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تاش پر جواء کھیلنے والے 8 ملزمان کو گرفتار کرلیا،ملزمان میں رجب علی، ظفر اقبال، یاسین، محمد ندیم، محمد ارشاد، محمد ظفر ،محمد طارق اور ظفر اقبال شامل ہیں،ملزمان سے داؤ پر لگی رقم 16ہزار 950روپے، 6موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد ہوئے۔